german cooperation
DEUTSCHE ZUSAMMENARBEIT

DR. SAIBAN ALI ASSOCIATES

KnK JAPAN
Children without Borders


CD-CRI CAPACITY DEVELOPMENT FOR CLIMATE-RESILIENT INFRASTRUCTURE

پاکستان کے ہنرمند کارکنوں کے لیے

رہنما کتاب
برائے کاریگر

آسان اردو ◀ تصویری سمجھ ◀ روزانہ کی ڈائری

■ راج مستری ■ بڑھئی ■ سریاکار ■ ویلڈر ■ پلمبر اور الیکٹریشن کے لیے



مطالعہ اور تربیت کا نسخہ ستمبر 2026

GOVT. COLLEGE OF TECHNOLOGY TAXILA
ESTABLISHED IN 2003

TEVTA
GOVERNMENT OF THE PUNJAB

GCT RAWALPINDI

KnK JAPAN
Children without Borders

رہنما کتاب برائے کاریگر

فہرست مضامین

موجودہ صفحات کی ترتیب

یہ فہرست عنوان، ذیلی عنوان اور متعلقہ مطبوعہ صفحے کے ذریعے کتاب میں مطلوبہ کام تلاش کرنے کے لیے ہے۔

حوالوں میں کتاب پر چھپے ہوئے صفحہ نمبر درج ہیں، اس فہرست کے اپنے صفحات نہیں۔ PDF میں متعلقہ صفحہ کھولنے کے لیے مطبوعہ نمبر میں 6 جمع کریں۔ ابتدائی تعارفی صفحہ PDF کا تیسرا صفحہ ہے۔

اس ترتیب میں اصل کتاب کے صفحات آگے پیچھے نہیں کیے گئے۔ بڑے مخلوط حصوں کو واضح ابواب اور ذیلی عنوانات میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مسالا موجودہ کتاب کی طرح دیواروں اور چھتوں کے بعد آتا ہے۔

نمبرنگ کی مثال

5 باب ہے، 5.1 اس کا موضوع ہے اور 5.1.1 اسی موضوع کی تفصیل ہے۔ ہر نئی سطح اسی بالائی عنوان کے تابع رہتی ہے۔

فہرست کے حوالوں کو تعمیراتی ڈیزائن، فنی منظوری یا کام کی اجازت نہ سمجھا جائے۔

KnK JAPAN
Children without Borders

فہرست مضامین

01	**کام شروع کرنے سے پہلے**	
1.1	کتاب کا مقصد، قارئین اور استعمال کی حدود	
1.2	کتاب استعمال کرنے کا طریقہ	1
1.3	ہر کام کے چار بنیادی اصول	2
1.4	قدرتی اور موسمی خطرات کی پہچان	
1.4.1	تعمیر سے پہلے خطرات کی پہچان	3
1.4.2	زلزلہ اور عمارت	4
1.4.3	سیلاب اور تیز بارش	5
1.4.4	تیز ہوا اور طوفان	6
1.4.5	لینڈ سلائیڈ اور کمزور ڈھلوان	7
1.4.6	شدید گرمی کے اثرات اور حفاظت	8
1.4.7	آگ کے خطرات اور بچاؤ	9
1.4.8	پہاڑی وادی میں اچانک سیلاب	10
1.5	کام سے پہلے خطرے کا جائزہ	11
02	**کام کے دوران حفاظت**	
2.1	ذاتی حفاظتی لباس اور سامان	12
2.2	محفوظ اوزار اور حفاظتی سامان	13
2.3	اونچائی پر کام کی حفاظت	14
2.4	کھدائی اور گہرائی میں کام کی حفاظت	15
2.5	گرمی میں کام کی حفاظت	16
2.6	بجلی اور بند جگہوں کے خطرات	17
2.7	ویلڈنگ اور گرم کام	18
2.8	سائٹ کی صفائی اور ہنگامی تیاری	19
03	**تعمیراتی مواد کی پہچان اور جانچ**	
3.1	مواد قبول کرنے سے پہلے کی جانچ	
3.2	سیمنٹ کی شناخت، جانچ اور ذخیرہ	20
3.3	ریت، کرش اور بجری	21
3.4	سریے کی شناخت	22
3.5	اینٹوں کی جانچ	23
3.6	کنکریٹ بلاک کی جانچ	24
3.7	پانی، کیمیائی اضافے اور لکڑی	25
3.8	ناپ اور جانچ کے اوزار	26

رہنما کتابچہ برائے کاریگر

فہرست مضامین

04	**عمارت کے ساختی نظام اور ان کی پہچان**	
4.1	بوجھ کی منتقلی اور چار تعمیراتی نظام	27
4.2	بغیر سریے کی چنائی URM	28
4.3	سریے والی چنائی	
4.3.1	سریے والی چنائی	29
4.3.2	بلاک میں سریے والی چنائی کی مثال	30
4.4	کنفائنڈ میسنری یعنی بندش والی چنائی	31
4.5	آر سی سی فریم یعنی مسلح کنکریٹ کاڈھانچا	32
05	**ابتدائی تعمیراتی مراحل اور بنیادیں**	
5.1	نقشہ، ذمہ داریاں اور نشان دہی	
5.1.1	نقشہ اور ذمہ داریاں	33
5.1.2	عمارت کی نشان دہی	34
5.2	بنیادیں اور زمین کی تیاری	
5.2.1	بنیاد کے نیچے زمین	35
5.2.2	بنیاد کا کام اور انتخاب	36
5.2.3	چنائی کی دیوار کی سیڑھی دار بنیاد	37
5.2.4	پٹی والی بنیاد	38
5.2.5	الگ پیڈ فوٹنگ	39
5.2.6	مشترکہ فوٹنگ	40
5.2.7	رافٹ بنیاد	41
5.2.8	پائل بنیاد	42
5.3	نمی روک تہہ اور فرش کی جھلی	
5.3.1	ڈی پی سی کی پٹی بچھانا	43
5.3.2	کنکریٹ والی ڈی پی سی	44
5.3.3	دیوار کی ڈی پی سی اور فرش کی پانی روک تہہ کا ملاپ	45
5.4	بھرائی، پلنتھ اور فرش	46

کاریگر کی تعمیراتی رہنما کتاب

فہرست مضامین

06	**دیواروں کی چنائی اور جوڑ**	
6.1	چنائی کے مواد اور طریقے	
6.1.1	اینٹ کی دیوار کی چنائی	47
6.1.2	ٹھوس، کھوکھلے اور ہلکے بلاک کی چنائی	48
6.1.3	پتھر کی دیوار کی چنائی	49
6.2	اینٹوں کی بندش اور کام روکنے کا سرا	
6.2.1	انگلش اور فلیمش بندش	50
6.2.2	ریٹ ٹریپ بندش اور کام روکنے کا سیڑھی دار سرا	51
6.3	موٹائی، دیواروں کے جوڑ اور کھلے حصے	
6.3.1	دیوار کی موٹائی کی جانچ	52
6.3.2	دیوار کے مضبوط جوڑ	53
6.3.3	دروازے، لنٹل اور دیوار کے جوڑ	54
07	**چھتوں کی اقسام اور تنصیب**	
7.1	سی جی آئی شیٹ کی چھت	55
7.2	آر سی سی چھت	56
7.3	گرڈر اور ٹی آر کی چھت	57
7.4	پری کاسٹ چھت اور اٹھانے کا کام	58
08	**واٹر پروفنگ اور پلستر**	
8.1	زیر زمین دیوار اور بیرونی نکاسی	59
8.2	چھت اور غسل خانے کی واٹر پروفنگ	60
8.3	واٹر پروفنگ کے مواد اور ان کا استعمال	61
8.4	پلستر اور سطح کی تیاری	62
09	**مسالے کی اقسام اور تیاری**	
9.1	سیمنٹ کا مسالہ	63
9.2	چونے کا مسالہ	64
9.3	مسالے کی مقدار ناپنا اور آمیزش	65

کارگیر کی تعمیراتی رہنما کتاب

10	**کنکریٹ کی تیاری، جانچ اور نگہداشت**	
10.1	کنکریٹ کی مقدار اور آمیزش	66
10.2	سلمپ کی جانچ اور طاقت کے نمونے	67
10.3	گرم اور سرد موسم میں کنکریٹ	68
10.4	کنکریٹ کی کیورنگ	69
10.5	کنکریٹ ڈالنا اور بٹھانا	70
11	**کنفائنڈ میسنری کی مرحلہ وار تعمیر**	
11.1	کنفائنڈ میسنری کی تعمیر کا سلسلہ	71
11.2	بنیاد اور پلنتھ بینڈ	
11.2.1	بنیاد اور ابتدائی سریا	72
11.2.2	مسلسل پلنتھ بینڈ	73
11.3	سل اور لنٹل تک چنائی اور بینڈ	
11.3.1	سل کی سطح تک چنائی	74
11.3.2	مسلسل سل بینڈ	75
11.3.3	بینڈ کے سریے اور ٹائی کالم کا جوڑ	76
11.3.4	لنٹل کی سطح تک چنائی	77
11.3.5	مسلسل لنٹل بینڈ	78
11.4	چھت کی سطح اور ٹائی کالم	
11.4.1	چھت کی سطح تک چنائی	79
11.4.2	ٹائی کالم میں کنکریٹ	80
11.5	روف بینڈ، چھت اور تکمیلی جانچ	
11.5.1	روف بینڈ اور چھت کی تیاری	81
11.5.2	روف بینڈ اور سلیب کی یکجا ڈھلائی	82
11.5.3	کیورنگ اور آخری جانچ	83
12	**آر سی سی فریم کی مرحلہ وار تعمیر**	
12.1	فریم پہلے اور بھرائی کی دیواریں بعد میں	84
12.2	بنیاد، ابتدائی سریا اور پلنتھ بیم	85
12.2.1	بنیاد کی کھدائی اور تیاری	86
12.2.2	فوٹنگ کی جالی اور کنکریٹ کور	87
12.2.3	ابتدائی سریے کی اینکریج	88
12.2.4	پلنتھ بیم کا کام ص	89
12.3	کالم کا سریا، کڑیاں اور شٹرنگ	

12.3.1	کالم کے سریے کا پنجرہ اور کڑیاں	90
12.3.2	بند کڑیاں اور ہُک	91
12.3.3	کالم میں سریے کا اوورلیپ	92
12.3.4	کالم کی شٹرنگ	93
12.3.5	کالم میں کنکریٹ ڈالنا	94
12.4	بیم کا سریا، جوڑ اور شٹرنگ	
12.4.1	بیم کا سریا اور کڑیاں	95
12.4.2	بیم اور کالم کے اندرونی جوڑ میں سریے کی ترتیب	96
12.4.3	بیم کے ہُک اور اینکریج	97
12.4.4	بیم میں سریے کا اوورلیپ	98
12.4.5	بیم کی شٹرنگ اور سہارے	99
12.5	سلیب کی شٹرنگ اور سریا	
12.5.1	چھت کی شٹرنگ	100
12.5.2	سلیب کا سریا اور چیئرز	101
12.5.3	سلیب کے موڑ اور اینکریج	102
12.5.4	سلیب میں سریے کا اوورلیپ	103
12.5.5	کنکریٹ کے صاف کور کی پیمائش	104
12.6	ڈھلائی کی منظوری، کنکریٹ اور کیورنگ	
12.6.1	ڈھلائی سے پہلے جانچ اور منظوری	105
12.6.2	کنکریٹ کی ڈھلائی اور کمپیکشن	106
12.6.3	کیورنگ اور شٹرنگ کھولنا	107
12.7	بھرائی کی دیواریں اور آخری جانچ	
12.7.1	فریم میں بھرائی کی دیواریں	108
12.7.2	شٹرنگ اتارنا اور نئی سلیب پر بوجھ	109
12.7.3	دیوار، سریے اور کنکریٹ کی آخری جانچ	110
12.7.4	اگلے مرحلے سے پہلے کام کی تصدیق	111
13	**مرمت، مضبوطی میں اضافہ اور ریٹروفٹنگ**	
13.1	مرمت، مضبوطی میں اضافے اور ریٹروفٹنگ کا فرق	112
13.2	مرمت سے پہلے عمارت کی جانچ	113
13.3	دراڑوں کی مرمت اور گراؤٹنگ	114
13.4	فیروسیمنٹ اوورلے	115
13.5	افقی بیلٹ اور عمودی پٹیاں	116
13.6	ریٹروفٹنگ کے معیار اور ریکارڈ کی فائل	117

فہرست مضامین

14	**زلزلہ مزاحم تعمیر کے اصول**	
14.1	بنیاد، دیوار اور چھت کے مضبوط رابطے	118
14.2	زلزلے کے لیے سادہ اور متوازن عمارت	119
14.3	بے قاعدہ عمارت اور کمزور منزل سے بچاؤ	120
14.4	بنیاد سے چھت تک مسلسل ساختی رابطہ	121
15	**موسم، سیلاب اور نمی سے تحفظ**	
15.1	موسم اور مقام کے مطابق تعمیر	122
15.2	سیلابی خطرے کے مطابق تعمیر اور بہتری	
15.2.1	سیلاب سے متاثرہ عمارت کو مضبوط کرنا	123
15.2.2	سیلاب اور تیز بارش کے پانی کی نکاسی	124
15.2.3	سیلابی علاقے میں محفوظ تعمیر	125
15.2.4	سیلاب کے نقصان کو محدود رکھنے کی تفصیلات	125
15.3	فرش، بنیاد اور دیوار کا تحفظ	
15.3.1	رہائشی فرش کی سیلابی سطح سے اونچائی	127
15.3.2	سیلابی علاقے کے لیے بنیاد کا انتخاب	128
15.3.3	دیوار میں پانی کے داخلے کی روک تھام	129
15.4	سیلاب کی گہرائی، رفتار اور دورانیہ	130
15.5	مٹی کی دیوار اور اس کی حفاظت	131
15.6	سیلاب کے بعد واپسی اور مرمت	132
16	**پلمبنگ، نکاسی اور برقی تنصیبات**	
16.1	پانی، پائپ اور نکاسی	
16.1.1	خدمات کو اونچا رکھنا اور گندے پانی کی واپسی روکنا	133
16.1.2	پانی کے پائپ اور رساؤ کی جانچ	134
16.1.3	سیپٹک ٹینک اور سیلاب سے حفاظت	135
16.2	بجلی کی منصوبہ بندی، تنصیب اور جانچ	
16.2.1	بجلی کی محفوظ تنصیب	136
16.2.2	برقی کام کی منصوبہ بندی	137
16.2.3	برقی نالیاں اور ڈبے لگانا	138
16.2.4	تعمیراتی سائٹ پر بجلی کی حفاظت	139
16.2.5	برقی نظام کی آخری جانچ اور محفوظ استعمال	140

کاریگر کی تعمیراتی رہنما کتاب

فہرست مضامین

17	**سب کے لیے قابلِ رسائی عمارت**	
17.1	قابلِ رسائی پارکنگ اور رہنمائی کے نشانات	141
17.2	مسلسل قابلِ رسائی راستہ، ریمپ اور سیڑھی	142
17.3	دروازے، دہلیز اور قابلِ رسائی کنٹرول	143
17.4	راہداری، رکاوٹیں اور ہنگامی خروج	144
17.5	نشانات اور لمس سے راستے کی رہنمائی	145
17.6	قابلِ رسائی غسل خانہ اور دروازہ	146
18	**حرارتی موصلیت اور صحت مند اندرونی ماحول**	
18.1	اندرونی حرارت اور توانائی کی بچت	147
18.2	چھت کی حرارتی موصلیت	148
18.3	کاوینٹی وال اور حرارتی موصلیت	149
18.4	پانی کی بچت اور اندرونی صحت	150
19	**تعمیراتی کاموں میں ہم آہنگی اور ہدایات کی ترجیح**	
19.1	تعمیراتی ہنروں اور خدمات میں باہمی ہم آہنگی	151
19.2	ہدایات اور منظور شدہ دستاویزات کی ترجیح	152
20	**توانائی اور پانی کی بچت**	
20.1	توانائی کی ضرورت کم کرنے کے طریقے	
20.1.1	عمارت میں توانائی کی بچت	153
20.1.2	شمسی توانائی اور کم توانائی خرچ کرنے والی عمارت	154
20.1.3	توانائی کی ضرورت کم کرنا اور مؤثر نظام اپنانا	155
20.2	بارش کا پانی جمع کرنا	156
20.3	سولر نظام، بیٹری اور انورٹر	157
21	**آگ سے بچاؤ، کام کی حوالگی اور عملی جانچ**	
21.1	عمارت میں آگ سے بچاؤ اور محفوظ خروج	158
21.2	تعمیراتی فضلہ، آخری جانچ اور حوالگی	159
21.3	ہنر کی عملی جانچ	160

کاریگر کی تعمیراتی رہنما کتاب

ضمیمہ الف کاریگر کی روزانہ ڈائری اور جانچ کے فارم	
منصوبے کی معلومات اور ضروری رابطے	161
سائٹ کے منظور شدہ ناپ اور تفصیلات	162
خدمات اور قابل رسائی سہولتوں کے منظور شدہ ناپ	163
روزانہ کام کی ڈائری	164-165
ڈھلائی سے پہلے اجازت کا فارم	166
کنکریٹ اور نمونوں کا ریکارڈ	167
کیورنگ اور سہارے ہٹانے کا ریکارڈ	168
مواد کی وصولی اور جانچ کی پرچی	169
پانی روک تہہ اور خدمات کی جانچ	170
خرابی اور اصلاح کی پرچی	171
تربیت اور دوبارہ مشق کا ریکارڈ	172
آخری جانچ اور حوالگی کا ریکارڈ	173
ضمیمہ ب آسان فنی لغت	
تعمیراتی اصطلاحات اور ان کے آسان معنی	174-175
ضمیمہ ج ماخذ اور ضابطوں کے حوالے	
پاکستانی ضابطوں کے حوالے	176
اضافی فنی رہنمائی کے حوالے	177
صحت اور مواد کی حفاظت کے حوالے	178
ضمیمہ د فنی منظوری اور اشاعت	
نسخے کی حیثیت اور فنی منظوری	179
پرنٹر کے لیے ہدایات	180

KnK JAPAN
Children without Borders

Kokkyo naki Kodomotachi (KnK)
جاپان-پاکستان

کوکیوناکی کوڈوموتاچی (KnK) جاپان، جس کے معنی "سرحدوں سے ماورا بچے" ہیں، 1997ء میں قائم ہونے والی ایک بین الاقوامی انسانی ہمدردی کی تنظیم ہے جس کا مرکزی دفتر ٹوکیو، جاپان میں ہے۔ یہ تنظیم اس وقت دنیا کے سات ممالک میں جاپان نے اکتوبر 2005ء میں آنے والے زلزلے کے بعد پاکستان KnK انسانیت کی بنیاد پر خدمات انجام دے رہی ہے۔ میں اپنی سرگرمیوں کا آغاز کیا اور اس وقت سے مستحق اور متاثرہ طبقات کی معاونت میں مصروفِ عمل ہے۔

اسلام آباد میں قائم اپنے کنٹری آفس کے ذریعے KnK جاپان پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان اور آزاد جموں و کشمیر میں تعلیم، موسمیاتی تبدیلیوں سے مطابقت، آفات کے خطرات میں کمی، WASH (پانی، نکاسی آب اور حفظانِ صحت) ذہنی صحت اور نفسیاتی و سماجی معاونت (MHPSS) اور پائیدار بنیادی انفراسٹرکچر کی ترقی کے شعبوں میں مختلف پروگرامز پر عمل درآمد کر رہی ہے۔

گزشتہ دو دہائیوں کے دوران تنظیم حکومتِ پاکستان، حکومتِ جاپان، اقوام متحدہ کے اداروں اور بین الاقوامی عطیہ دہندگان کے اشتراک سے 308 سے زائد پراجیکٹس کامیابی سے مکمل کر چکی ہے۔ ان میں زلزلے سے متاثرہ علاقوں میں 300 سے زائد سکولوں کی تعمیرِ نو اور حالیہ سیلاب کے بعد پنجاب، سندھ اور بلوچستان میں بحالی کا کام شامل ہے۔ تنظیم کی تمام سرگرمیوں میں بچوں، نوجوانوں اور آفات سے متاثرہ آبادیوں کی معاونت اور فلاح و بہبود پر توجہ مرکوز رکھی گئی ہے۔

KnK JAPAN
Children without Borders
Kokkyo naki Kodomotachi

سی ڈی-سی آر آئی CD-CRI
منصوبے کا تعارف

کلائمیٹ ریزیلینٹ انفراسٹرکچر کی استعدادِ کار میں اضافے کا منصوبہ جرمن حکومت کی وزارتِ اقتصادی تعاون و ترقی (BMZ) کی مالی معاونت سے جاری ہے۔ اسے جرمن ادارہ GIZ پاکستان میں نیشنل ایڈاپٹیشن پلان (NAP) پر عمل درآمد کے اقدام کے تحت معاونت فراہم کر رہا ہے، جبکہ جاپانی غیر سرکاری تنظیم KnK Japan اسے NAP چیلنج فنڈ کے تحت نافذ کر رہی ہے۔

ہنر مند کاریگروں کی تربیت اور فیلڈ گائیڈ

اس منصوبے کا ایک اہم حصہ ہنر مند کاریگروں کی تربیت اور ان کے لیے آسان فیلڈ گائیڈ کی تیاری ہے۔ اس کا مقصد کاریگروں کی عملی مہارت اور استعدادِ کار میں اضافہ کرنا ہے، تاکہ وہ پاکستان میں اسکولوں، کالجوں، مراکزِ صحت اور دیگر عمارتوں کی تعمیر کے دوران محفوظ اور موسمی خطرات کا مقابلہ کرنے والے طریقے اپنا سکیں۔ یہ فیلڈ گائیڈ انہیں تعمیراتی کام بہتر، محفوظ اور درست طریقے سے انجام دینے میں عملی رہنمائی فراہم کرے گی۔

1.1 کتاب کا مقصد، قارئین اور استعمال کی حدود

یہ کتاب کس کے لیے ہے؟

راج مستری، بڑھئی، شٹرنگ کاریگر، سریا باندھنے والے، ویلڈر، پلمبر، صفائی کے کارکن، الیکٹریشن اور ٹیکنیشن۔ سائٹ سپروائزر، فورمین اور روزمرہ کام تقسیم کرنے والے نگران، نیز مقامی افراد اور گھر کے مالکان۔ ٹیوٹا اور نیوٹیک کے اساتذہ اور فنی تربیت کے طلبہ خصوصاً CD-CRI کے کارکنوں کی تربیت میں شریک افراد۔

یہ کتاب کیا فراہم کرتی ہے؟

قومی تعمیراتی ضوابط کو تصویروں اور آسان عملیہدایات میں سمجھاتی ہے تاکہ کارکن فوراً عمل کر سکیں۔ محفوظ طریقہ، عام غلطی اور کام چھپنے سے پہلے ضروری جانچ بتاتی ہے۔ فضلہ کم کرنے، پانی و توانائی بچانے اور کم کاربن مواد کے استعمال سمیت ماحولیاتی طریقے واضح کرتی ہے۔ چھپے ہوئے کام کے ریکارڈ اور منظوری کے لیے الگ کی جانے والی جانچ فہرستیں دیتی ہے۔

استعمال کی حدود

یہ ڈیزائن دستاویز یا اجازت نامے کا متبادل نہیں۔ ابعاد اور تعمیراتی تفصیلات منظور شدہ نقشوں سے لیں۔ PEC کے لائسنس یافتہ انجینئر کی ہدایات اور متعلقہ ادارے کی منظوری، معائنہ یا جانچ کے تقاضے لازم ہیں۔ اختلاف کی صورت میں معاہدے کی دستاویزات حتمی ہیں۔ مثالی اعداد کی تصدیق منصوبے کی دستاویزات سے کریں۔

1.2 کتاب استعمال کرنے کا طریقہ

راج مستری، بڑھئی، سریا کار، ویلڈر، پلمبر اور الیکٹریشن اسے کام کی مدد کے لیے استعمال کریں۔
کم پڑھنے والا کاریگر نگران سے پڑھوا کر خاکہ سمجھے۔



1. کام سے پہلے متعلقہ صفحہ اور تازہ منظور شدہ نقشہ دیکھیں۔ مشکل لفظ کا مطلب نمونے سے سمجھیں۔
2. طریقہ سمجھ کر کام کریں۔ کام چھپانے سے پہلے نگران کو دکھائیں۔
3. ناپ یا ہدایت میں فرق ملے تو جگہ محفوظ کریں اور تحریری جواب لیں۔
4. آخری باب کے فارم پر جگہ، تاریخ، جانچ اور اجازت لکھیں۔



خاکے سمجھانے کے لیے ہیں، پیمانے یا سریے کی مکمل تفصیل کے لیے نہیں۔ یہ کتاب عمارت کا ڈیزائن یا انجینئر کی منظوری نہیں ہے۔

1.3 ہر کام کے چار بنیادی اصول

دیکھیں، بنائیں، جانچیں، اور شک ہو تو روک کر پوچھیں



1. دیکھیں: کام کا صفحہ اور منظور شدہ ڈرائنگ پہلے پڑھیں۔
2. بنائیں: ترتیب اور منظور شدہ سامان کے مطابق کام کریں؛ اندازہ نہ لگائیں۔
3. جانچیں: لائن، لیول، پلم، جوڑ، کور اور کنکشن ڈھانپنے سے پہلے دیکھیں۔
4. روکیں اور پوچھیں: زمین، ڈرائنگ یا ہدایت مختلف ہو تو کام محفوظ کر کے نگران بلائیں۔

کام روکیں حالت بدل جائے اور کام صرف جلدی مکمل کرنے کے لیے جاری رکھا جائے۔

1.4 قدرتی اور موسمی خطرات کی پہچان

1.4.1 تعمیر سے پہلے خطرات کی پہچان

ایک جگہ پر ایک سے زیادہ خطرے ہو سکتے ہیں



ایک ہی نقشہ تمام ہنر والوں کے پاس

1. زلزلہ: زمین اور عمارت میں دراڑیں یا جھکاؤ دیکھیں۔
2. سیلاب: پانی آنے، جمع ہونے اور نکلنے کے راستے دیکھیں۔
3. تیز ہوا: چھت کی چادروں اور جوڑوں کی مضبوطی دیکھیں۔
4. ڈھلوان: مٹی سرکنے یا پتھر گرنے کا خطرہ دیکھیں۔
5. نمی: دیواروں میں سیلن اور پانی کے رساؤ کو دیکھیں۔
6. آگ: کھلی آگ، چنگاریوں اور جلنے والے سامان کو دیکھیں۔

کام روکیں خطرہ واضح نہ ہو یا ایک سے زیادہ خطرے نظر آئیں۔

1.4.2 زلزلہ اور عمارت

زمین کا اچانک زور سے ہلنا



یہ خطرہ کیا ہے

1. زلزلے میں زمین آگے پیچھے اور اوپر نیچے ہلتی ہے۔
2. یہ ہلنا چند سیکنڈ میں عمارت کو زور سے دھکیلتا ہے۔

عمارت پر کیا اثر ہوتا ہے

1. دیواروں اور کونوں میں دراڑیں پڑ سکتی ہیں۔
2. کمزور دیوار، چھت یا چھجا گر سکتا ہے۔
3. بنیاد، دیوار اور چھت کے کمزور جوڑ کھل سکتے ہیں۔

کاریگر کیا نشان دیکھے

1. تازہ ترچھی دراڑ، جھکی دیوار یا کھلا جوڑ دیکھیں۔
2. ایسی عمارت میں فوراً داخل نہ ہوں۔

کام روکیں بڑی دراڑ، جھکی دیوار یا گری ہوئی چھت نظر آئے تو کام روک دیں۔

1.4.3 سیلاب اور تیز بارش

پانی کا عمارت کے اندر یا بنیاد کے پاس آنا



یہ خطرہ کیا ہے

1. تیز بارش، نالے یا دریا کا پانی اچانک جگہ بھر سکتا ہے۔
2. کھڑا پانی بھی عمارت کو آہستہ آہستہ کمزور کرتا ہے۔

عمارت پر کیا اثر ہوتا ہے

1. بنیاد کے نیچے کی مٹی بہہ یا بیٹھ سکتی ہے۔
2. کچی اینٹ، لکڑی اور پلاسٹر گل یا ٹوٹ سکتے ہیں۔
3. گیلی تار اور ساکٹ سے کرنٹ لگ سکتا ہے۔

کاریگر کیا نشان دیکھے

1. بنیاد کے پاس پانی، کٹی مٹی یا نئی دراڑ دیکھیں۔
2. پانی اترنے کے بعد بھی عمارت فوراً محفوظ نہیں ہوتی۔

کام روکیں بڑی دراڑ، جھکی دیوار یا گری ہوئی چھت نظر آئے تو کام روک دیں۔

1.4.4 تیز ہوا اور طوفان

ہوا کا چھت اور دیوار پر زور ڈالنا



یہ خطرہ کیا ہے

1. تیز ہوا چھت کو اوپر اٹھاتی اور عمارت کو ایک طرف دھکیلتی ہے۔
2. کھلی جگہ اور پہاڑی کنارے پر ہوا کا زور زیادہ ہو سکتا ہے۔

عمارت پر کیا اثر ہوتا ہے

1. چادر، ٹائل یا پوری چھت اڑ سکتی ہے۔
2. کمزور فریم ٹیڑھا ہو سکتا ہے۔
3. دروازہ، کھڑکی اور باہر کی چیزیں ٹوٹ کر اڑ سکتی ہیں۔

کاریگر کیا نشان دیکھے

1. ہلتی چادر، ڈھیلا پیچ یا کھلا جوڑ دیکھیں۔
2. لٹکتی چیز اور کمزور چھجے سے دور رہیں۔

کام روکیں ہوا میں چھت ہلے یا چیزیں اڑنے لگیں تو کام روک دیں۔

1.4.5 لینڈ سلائیڈ اور کمزور ڈھلوان
پہاڑی مٹی یا پتھر کا نیچے سرکنا



یہ خطرہ کیا ہے

1. بارش، کٹائی یا کمزور مٹی سے ڈھلوان سرک سکتی ہے۔
2. مٹی آہستہ بھی ہل سکتی ہے اور اچانک بھی گر سکتی ہے۔

عمارت پر کیا اثر ہوتا ہے

1. مٹی عمارت کو دبا یا دیوار توڑ سکتی ہے۔
2. بنیاد ایک طرف بیٹھ سکتی ہے۔
3. راستہ، نالی اور سہارا دینے والی دیوار ٹوٹ سکتی ہے۔

کاریگر کیا نشان دیکھے

1. زمین میں نئی دراڑ، جھکا درخت یا گرتا پتھر دیکھیں۔
2. بارش کے بعد ڈھلوان دوبارہ دیکھیں۔

کام روکیں مٹی سرکے، پتھر گریں یا نئی دراڑ بنے تو کام روک دیں۔

1.4.6 شدید گرمی کے اثرات اور حفاظت

بہت زیادہ دھوپ اور گرم ہوا



یہ خطرہ کیا ہے

1. سخت گرمی مزدور اور تعمیر دونوں کو نقصان دیتی ہے۔
2. دھوپ میں سطح بہت گرم ہو جاتی ہے اور پانی جلد سوکھتا ہے۔

عمارت پر کیا اثر ہوتا ہے

1. تازہ کنکریٹ اور مسالہ جلد خشک ہو کر کمزور ہو سکتا ہے۔
2. چھت اور دیوار میں باریک دراڑیں پڑ سکتی ہیں۔
3. گرم عمارت میں رہنا مشکل اور بجلی کا خرچ زیادہ ہوتا ہے۔

کاریگر کیا نشان دیکھے

1. کنکریٹ کا اوپر والا حصہ جلد خشک یا پھٹا ہوا دیکھیں۔
2. مزدور کو چکر، کمزوری یا بہت پسینہ آئے تو فوراً سایہ دیں۔

کام روکیں مزدور بیمار ہو یا تازہ کنکریٹ تیزی سے سوکھے تو کام روک دیں۔

1.4.7 آگ کے خطرات اور بچاؤ

شعلہ، چنگاری یا گرم تار سے لگنے والی آگ



یہ خطرہ کیا ہے

1. ویلڈنگ، بجلی، گیس یا جلنے والے سامان سے آگ لگ سکتی ہے۔
2. چھوٹی چنگاری بھی لکڑی، کپڑے یا پینٹ کو جلا سکتی ہے۔

عمارت پر کیا اثر ہوتا ہے

1. لکڑی اور چھت جل کر گر سکتی ہے۔
2. سریا اور اٹیل سخت گرمی میں کمزور ہو سکتے ہیں۔
3. کنکریٹ پھٹ سکتا ہے اور بجلی کی تار پگھل سکتی ہے۔

کاریگر کیا نشان دیکھے

1. جلنے کی بو، گرم تار، دھواں یا چنگاری دیکھیں۔
2. گیس سلنڈر اور جلنے والا سامان گرمی سے دور رکھیں۔

کام روکیں دھواں، گرم تار یا بے قابو چنگاری ہو تو کام روک دیں۔

1.4.8 پہاڑی وادی میں اچانک سیلاب

برفانی جھیل سے پانی اچانک نکلے تو وادی میں تیز سیلاب اور ملبہ آسکتا ہے۔ اسے گلیشیائی جھیل کا اچانک سیلاب کہتے ہیں۔



جھیل سے بہاؤ وادی میں نیچے آتا ہے؛ محفوظ جگہ مقامی نقشے سے طے ہو

1. سرکاری خطرے کا نقشہ اور مقامی تنبیہ معلوم کریں۔ خشک نالے کو ہمیشہ محفوظ نہ سمجھیں۔
2. عمارت کی جگہ انجینئر اور متعلقہ ادارہ طے کرے۔ ندی، نالے اور ملبے کے راستے میں تعمیر نہ کریں۔
3. اونچی جگہ بھی مٹی اور ڈھلوان کی جانچ کے بعد چنیں۔ صرف اونچائی کافی نہیں۔
4. محفوظ راستہ اور جمع ہونے کی جگہ پہلے جانیں۔ تنبیہ پر کام چھوڑ کر مقررہ راستے سے نکلیں۔

کام روکیں تنبیہ آئے، بہاؤ اچانک بدلے یا جگہ ملبے کے راستے میں ہو۔

1.5 کام سے پہلے خطرے کا جائزہ

نگران کے ساتھ پوری جگہ پیدل دیکھیں



یاد رکھیں: جگہ کے معائنے کے بعد ہی نشان لگائیں اور کام شروع کریں۔

1. زمین، دراڑ اور ڈھلوان دیکھیں۔
2. بجلی کی تار اور راستہ دیکھیں۔
3. پانی اور نالے کی سمت دیکھیں۔
4. نقشہ اور سائٹ آپس میں ملائیں۔

کام روکیں زمین، پانی، تار یا موجودہ عمارت محفوظ نہ لگے۔

02 کام کے دوران حفاظت

2.1 ذاتی حفاظتی لباس اور سامان

حفاظتی سامان کام کے خطرے کے مطابق پہنیں۔ ہیلمٹ یا دستانہ غیر محفوظ طریقے کو محفوظ نہیں بناتا۔



ہر کام کے لیے صحیح حفاظتی سامان

1. ہیلمٹ، محفوظ بوٹ، آنکھوں کی حفاظت اور کام کے مناسب دستانے استعمال کریں۔
2. کٹائی میں گرد پہلے پانی یا مشین کی کھینچنے والی نالی سے قابو کریں۔ مناسب فٹ والا سانس کا حفاظتی ماسک پہنیں۔
3. گیلا سیمنٹ جلد سے دور رکھیں۔ آلودہ کپڑا اتاریں اور جلد صاف پانی سے دھوئیں۔
4. مشین کا گارڈ، تار اور اوزار چیک کریں۔ خراب آلے کو نشان لگا کر الگ رکھیں۔

کام روکیں کھلا بلیڈ، خراب تار، بے قابو گرد یا نامناسب حفاظتی سامان ہو۔

2.2 محفوظ اوزار اور حفاظتی سامان

آلہ نہ ہو تو جانچ نہیں ہو گی؛ ہر ہنر کی مکمل کٹ سائٹ پر رکھیں



یاد رکھیں: پانی، سایہ، فرسٹ ایڈ، آگ بجھانے اور فضلہ الگ کرنے کا بندوبست آج کرے۔

1. ہیلمٹ، چشمہ، مناسب دستانہ، بوٹ، نمایاں جیکٹ اور ضرورت کے ماسک پہنیں۔
2. ٹیپ، لیول، پلم، اسکوائر، لائن اور منظور شدہ ڈرائنگ ہر ٹیم کے پاس ہو۔
3. ہر ہنر کے خاص اوزار درست، محافظ والے اور کام کے قابل رکھیں۔
4. کام کی اونچائی، بند جگہ، ویلڈنگ اور بجلی کے لیے مکمل خاص کٹ دیں۔

کام روکیں خراب اوزار، بغیر گارڈ مشین، غیر کیلیبریٹڈ گیج یا غلط PPE استعمال ہو۔

2.3 اونچائی پر کام کی حفاظت

چنائی، شٹرنگ اور چھت کے لیے مضبوط کام کی جگہ چاہیے۔ دو اینٹوں پر تختہ رکھ دینا پلیٹ فارم نہیں ہے۔



ریلنگ مکمل پلیٹ فارم اور محفوظ رسائی

1. تربیت یافتہ ٹیم سے پلیٹ فارم لگوائیں۔ مضبوط پلیٹ فارم، مکمل تختے، ریلنگ اور پاؤں کی روک لگائیں۔
2. محفوظ سیڑھی سے چڑھیں۔ پلیٹ فارم پر اینٹوں کا زیادہ ڈھیر نہ لگائیں۔
3. کھلے سوراخ اور چھت کے کنارے محفوظ کریں۔ نیچے لوگوں کا داخلہ روکیں۔
4. سیفٹی بیلٹ (ہارنس) کی ضرورت ہو، وہاں مضبوط سہارا اور بچاؤ کا مکمل انتظام بھی ہونا چاہیے؛ صرف بیلٹ باندھ لینا کافی نہیں۔

کام روکیں تختہ ٹوٹا، پلیٹ فارم ڈھیلا، کنارے کھلے یا تیز ہوا ہو۔

2.4 کھدائی اور گہرائی میں کام کی حفاظت

خندق کی مٹی اچانک گر سکتی ہے۔ صرف کم گہرائی یا سخت دکھائی دینے والی مٹی کو حفاظت کی ضمانت نہ سمجھیں۔



سہارا محفوظ راستہ اور کنارے پر رکاوٹ ضروری ہیں

1. کھدائی سے پہلے زیرِ زمین سروس اور ملحقہ بنیاد معلوم کریں۔
2. مٹی کے مطابق منظور شدہ سہارا یا محفوظ ڈھلوان بنائیں۔ محفوظ سیڑھی اور کنارے کی رکاوٹ دیں۔
3. ملبہ، مشین اور بھاری سامان کنارے سے طے شدہ فاصلے پر رکھیں۔
4. ہر شفٹ اور بارش کے بعد قابل شخص سے جانچ کرائیں۔ پانی نکالنے سے پڑوسی زمین نہ بیٹھے۔

کام روکیں کنارہ ٹوٹے، سہارا ہلے، پانی بڑھے یا گیس کی بو آئے تو باہر نکلیں۔

2.5 گرمی میں کام کی حفاظت

کام کا وقت اور وقفہ موسم کے مطابق بدلیں۔ نئے یا واپس آنے والے کارکن کو سخت گرمی کے کام کی عادت آہستہ ڈالیں۔



موسم کے مطابق وقفہ پانی اور پناہ

1. گرمی میں پینے کا پانی، سایہ اور وقفے دیں۔ ساتھی ایک دوسرے کی حالت دیکھیں۔
2. الجھن یا بے ہوشی میں فوری امداد بلائیں، سایہ اور ٹھنڈک دیں۔
3. سردی میں خشک تہہ دار کپڑے، دستانے اور گرم آرام کی جگہ دیں۔ گیلا لباس بدلیں۔

کام روکیں شدید کپکپی، سن ہونا، الجھن یا گرمی کی بیماری کو نظر انداز نہ کریں۔

2.6 بجلی اور بند جگہوں کے خطرات

بجلی، ٹینک اور گٹر کا کام عام مددگار خود نہ کرے۔ کسی کو بچانے کے لیے بغیر انتظام اندر جانا دوسرا حادثہ بن سکتا ہے۔



بجلی بند کرنے کے بعد بھی جانچ ضروری ہے

1. بجلی تربیت یافتہ شخص بند کرے اور کام کرنے سے پہلے تاروں اور بورڈ میں ٹیسٹر کی مدد سے جانچ کریں اگر بجلی ہے تو فوری بند کروائیں۔
2. اوپر کی تار سے طے شدہ محفوظ فاصلہ رکھیں۔ لمبا سریا، سیڑھی اور مشین بھی تار کے قریب نہ لے جائیں۔
3. ٹینک، مین ہول اور بند جگہ میں اجازت، گیس جانچ، ہوا، باہر نگران اور تیار ریسکیو کے بغیر نہ اتریں۔

کام روکیں بجلی کی ٹوٹی ہوئی تار یا گیس کی سمل ہو تو دور رہ کر ماہر امداد بلائیں۔

2.7 ویلڈنگ اور آگ کا کام

ویلڈنگ صرف تربیت یافتہ شخص منظور شدہ طریقے سے کرے۔ چھپی ہوئی جگہ میں چنگاری دیر سے بھی آگ لگا سکتی ہے۔



چنگاری سے بچاؤ اور آگ کی نگرانی

1. گرم کام سے پہلے اجازت لیں اور تمام آتش گیر مواد ہٹا دیں یا محفوظ کریں۔
2. حفاظتی شیلڈ، دستانے اور لباس پہنیں، حفاظتی پردہ اور دھواں نکالنے کا انتظام کریں۔
3. گیس سلنڈر سیدھا باندھیں اور نلکی، دباؤ کم کرنے والے آلے، جوڑ اور تار چیک کریں۔
4. کام کے دوران اور کام ختم ہونے کے بعد مقررہ وقت تک آگ پر نظر رکھنے والا شخص موجود رکھیں۔

کام روکیں گیلے ماحول، گیس کی بو، غیر محفوظ سلنڈر یا آگ بجھانے کے انتظام کے بغیر کام نہ کریں۔

2.8 سائٹ کی صفائی اور ہنگامی تیاری

ہنگامی راستہ ہر وقت صاف اور کھلا رکھیں۔ راستے میں سامان، ملبہ یا کوئی رکاوٹ نہ رکھیں۔



کام کے راستے اور امداد کی جگہ خالی رکھیں

1. اینٹ، سریا، لکڑی اور کچرا الگ رکھیں۔ کیل محفوظ کریں اور چلنے کی جگہ خالی رکھیں۔
2. بھاری سامان اکیلے نہ اٹھائیں۔ ٹرالی یا مناسب مدد لیں؛ لٹکے بوجھ کے نیچے نہ کھڑے ہوں۔
3. فرسٹ ایڈ، آگ بجھانے کا سامان اور ایمرجنسی نمبر سب کو معلوم ہوں۔ مقامی نمبر ڈائری میں لکھیں۔
4. حادثہ ہو تو خطرے سے دور رہیں، کام بند کرائیں اور تربیت یافتہ امداد بلائیں۔

کام روکیں ہنگامی راستہ بند ہو یا بچاؤ کا انتظام معلوم نہ ہو۔

03 تعمیراتی مواد کی پہچان اور جانچ

3.1 مواد قبول کرنے سے پہلے کی جانچ

3.2 سیمنٹ کی شناخت، جانچ اور ذخیرہ

اچھی شکل والا سامان بھی غلط قسم یا کم طاقت کا ہو سکتا ہے۔ ہر کھیپ کی شناخت محفوظ رکھیں۔ عام پورٹ لینڈ، ملاوٹ شدہ اور سلفیٹ مزاحم سیمنٹ کے استعمال مختلف ہو سکتے ہیں۔



خشک ذخیرہ اور واضح کھیپ کی شناخت



قبول شدہ اور روکا ہوا سامان الگ رکھیں

1. آرڈر، کمپنی، قسم، بیچ اور مقدار ملائیں۔ منظور شدہ نمونہ ساتھ رکھیں۔
2. چند نمائندہ نمونے ناپیں اور ٹوٹ پھوٹ، نمی، زنگ یا ملاوٹ دیکھیں۔
3. ضروری لیب رپورٹ اور سرٹیفکیٹ نگران کو دیں۔ آواز، رنگ یا ہاتھ کی جانچ آخری ٹیسٹ نہیں۔
4. مشکوک کھیپ الگ نشان زد کریں۔ اجازت سے پہلے کام میں نہ لگائیں۔
5. تھیلے کی قسم، معیار، بیچ، تاریخ اور وزن منصوبے سے ملائیں۔ عام تھیلا 50 کلو کا ہو سکتا ہے؛ اصل لیبل دیکھیں۔
6. سخت گٹھلی، گیلا تھیلا یا خراب سیل ہو تو الگ رکھیں۔ انگلی یا رنگ سے طاقت طے نہ کریں۔
7. چھت کے نیچے خشک تختے پر رکھیں۔ زمین اور گیلی دیوار سے بچائیں۔
8. پرانا منظور شدہ اسٹاک پہلے استعمال کریں۔ قسم بدلنے سے پہلے تحریری اجازت لیں۔

کام روکیں کھیپ کی شناخت، ناپ یا ٹیسٹ آرڈر سے مختلف ہو۔

3.3 ریت کرش اور بجری

صاف اور مختلف مناسب سائز کے دانے اچھا مکس بناتے ہیں۔ صرف موٹے دانے یا صرف پاؤڈر مطلوبہ گریڈنگ نہیں بناتے۔



باریک اور موٹے دانوں کی الگ پہچان

1. ریت میں مٹی، جڑ، کچرا اور نمک نہ ہوں۔ منظور شدہ جگہ کی ریت لیں۔
2. کرش سخت اور صاف ہو۔ نرم، بہت چپٹے یا لمبے دانے الگ جانچیں۔
3. چھلنی کی رپورٹ اور زیادہ سے زیادہ سائز منظور شدہ مکس سے لیں۔
4. ڈھیر الگ صاف جگہ پر رکھیں۔ ریت کی نمی سے مکس کے پانی اور ناپ میں تبدیلی آتی ہے۔
5. بوتل میں تہیں دیکھنا ابتدائی اشارہ ہے۔ چھلنی اور دوسرے مطلوبہ لیب ٹیسٹ کا بدل نہیں۔

کام روکیں نامعلوم نمک، گندی ریت یا مکس سے مختلف سائز ہو۔

3.4 سریے کی شناخت

سریا خریدتے وقت صرف موٹائی نہ دیکھیں۔ گریڈ، اصل قطر، کھیپ اور ٹیسٹ بھی اہم ہیں۔



ٹیگ اور رپورٹ سے گریڈ کی تصدیق

1. بار کی کمپنی اور گریڈ کی پہچان مل کی رپورٹ اور بار شیڈول سے ملائیں۔
2. سریے کی موٹائی، لمبائی اور ایک میٹر کا وزن منظور شدہ چارٹ سے چیک کر لیں۔ ابھری دھاری کے اوپر ناپ اصل قطر نہیں۔
3. تیل، موٹی اکھڑتی زنگ کی تہہ یا گہرے گڑھے نگران کو دکھائیں۔
4. سریا زمین سے اوپر رکھیں، گریڈ الگ کریں اور شناخت والا ٹیگ نہ اتاریں۔

کام روکیں سریے کا گریڈ نامعلوم یا قطر اور وزن منظور شدہ حد سے باہر ہو۔

3.5 اینٹوں کی جانچ

یکساں، سیدھی اور مضبوط اینٹ چنیں



یاد رکھیں: صرف آواز یا رنگ سے آخری معیار طے نہ کریں۔ لمبائی اور اونچائی ناپیں؛ چوڑائی بھی الگ چیک کریں

1. رنگ، سائز اور شکل ایک جیسی دیکھیں۔
2. کنارے سیدھے اور کونے مکمل دیکھیں۔
3. دراڑ والی اور ٹوٹی اینٹ الگ کریں۔
4. ضروری ٹیسٹ اور منظوری مکمل دیکھیں۔

کام روکیں اینٹ نیم پکی، بھیگی، زیادہ جلی یا نمک والی ہو۔

3.6 کنکریٹ بلاک کی جانچ

صحیح مکس، دباؤ اور کیورنگ سے مضبوط بلاک بنتا ہے



یاد رکھیں: جلدی کے لیے نیا بنا بلاک دیوار میں نہ لگائیں۔

1. بلاک کا سائز اور شکل یکساں دیکھیں۔
2. سطح مضبوط اور کنارے مکمل دیکھیں۔
3. ٹوٹا، نرم یا سوراخ والا بلاک الگ کریں۔
4. مکمل کیورنگ اور منظوری کے بعد استعمال کریں۔

کام روکیں بلاک تازہ، نم، کمزور یا ہاتھ سے ریزہ ریزہ ہو۔

3.7 پانی، کیمیائی اضافے اور لکڑی

مکس میں صرف منظور شدہ پانی اور کیمیکل ڈالیں۔ لکڑی کی طاقت اور حفاظت بھی صرف باہر کی شکل سے ثابت نہیں ہوتی۔



درست مقدار اور محفوظ ذخیرہ

1. کنکریٹ، مصالحہ اور منظور شدہ پانی لیں۔ نامعلوم یا کھارا پانی پہلے جانچ کرائیں۔
2. کیمیکل کی قسم، میعاد اور مقدار چیک کریں۔ پیمانے سے ڈالیں؛ مختلف کیمیکل خود سے نہ ملائیں۔
3. لکڑی میں سڑن، دیمک، بڑی پھٹن اور ٹیڑھا پن دیکھیں۔ مطلوبہ گریڈ اور حفاظتی علاج کی تصدیق کریں۔
4. لکڑی خشک، ڈھکی اور زمین سے اوپر رکھیں۔ کٹے حصے کا علاج کمپنی کی ہدایت سے دوبارہ کریں۔

کام روکیں کیمیکل بے نام ہو یا ساختی لکڑی خراب ہو۔

3.8 ناپ اور جانچ کے اوزار

ایک کام میں انچ اور ملی میٹر گڈمڈ نہ کریں۔ ناپ ہمیشہ اس نشان سے لیں جو نگران نے مقرر کیا ہو۔



1. لیول 2. شاقول 3. گونیا

1. انچ برابر 25.4 ملی میٹر؛ 1 فٹ برابر 304.8 ملی میٹر؛ 1 میٹر برابر 1000 ملی میٹر ہے۔
2. فیتے سے لمبائی، لیول سے افقی سطح، شاقول سے عمودی سیدھ اور گونیا سے زاویہ چیک کریں۔
3. ہر ٹیم کے پاس ڈوری، فیتہ، لیول، شاقول، گونیا اور تازہ نقشہ ہو۔
4. ٹوٹا فیتہ یا غیر درست گیج بدلیں۔ ٹیسٹ والے آلے کی مطلوبہ کیلیبریشن دیکھیں۔

کام روکیں ناپ کا یونٹ یا شروع کا نشان واضح نہ ہو۔

04 عمارت کے ساختی نظام اور ان کی پہچان

4.1 بوجھ کی منتقلی اور چار تعمیراتی نظام

عمارت کی قسم صرف اینٹ یا بلاک دیکھ کر معلوم نہیں ہوتی۔ اصل فرق یہ ہے کہ چھت کا بوجھ کون اٹھاتا ہے، سریا کہاں ہوتا ہے، اور دیوار و کنکریٹ کس ترتیب سے بنتے ہیں۔



بغیر سریے کی چنائی



سریے والی چنائی



کنفائنڈ میسنری



آر سی سی فریم

چار اقسام کا بنیادی فرق

بغیر سریے کی چنائی	دیواریں بوجھ اٹھاتی ہیں۔ چنائی کے اندر باقاعدہ سریا نہیں ہوتا۔
سریے والی چنائی	سریا چنائی کے اندر ہوتا ہے اور اس کے گرد بھرائی کا مسالہ ہوتا ہے۔
کنفائنڈ میسنری	عمودی اور افقی کنکریٹ بینڈ انہیں باندھتے ہیں۔ چنائی پہلے، ساتھ کا کنکریٹ بعد میں ڈالا جاتا ہے۔
آر سی سی فریم	بوجھ بیم اور کالم اٹھاتے ہیں۔ کنکریٹ کا فریم پہلے بنتا ہے؛ بھرائی کی دیواریں بعد میں بنتی ہیں۔

یاد رکھیں: آر سی سی چھت چاروں نظاموں میں ہو سکتی ہے۔ صرف چھت میں سریا ہونے سے دیوار کی چنائی، سریے والی چنائی نہیں بن جاتی۔

کام روکیں کام شروع کرنے سے پہلے: منظور شدہ نقشے میں عمارت کا نظام دیکھیں اور نگران سے سمجھیں۔

4.2 بغیر سریے کی چنائی URM

بوجھ اٹھانے والی دیواروں کی چنائی میں سریا نہیں ہوتا۔



یاد رکھیں: آر سی سی چھت میں سریا ہوتا ہے، مگر اس کے نیچے چنائی بغیر سریے کی ہو سکتی ہے۔

1. دیواریں چھت کا بوجھ اٹھا کر بنیاد تک پہنچاتی ہیں۔
2. چنائی میں باقاعدہ عمودی یا افقی سریا نہیں ہوتا۔
3. کھڑکی یا دروازے پر لنٹل ہو سکتا ہے؛ اس سے مکمل فریم نہیں بنتا۔
4. دیوار کی موٹائی، اینٹوں کی بندش اور چھت کا جوڑ نقشے سے چیک کریں۔

کام روکیں بغیر منظوری دیوار توڑنے، سوراخ بڑھانے یا نئی منزل بنانے کو کہا جائے۔

4.3 سریے والی چنائی

دیوار کے اندر سریا اور چنائی مل کر بوجھ اٹھاتے ہیں۔



یاد رکھیں: سریا دیوار کے اندر ہوتا ہے۔ تصویر کا کھلا حصہ صرف اندر کی بناوٹ سمجھاتا ہے۔

1. اس مثال میں عمودی سریا کھوکھلے بلاکس کے سوراخوں کے اندر ہے۔
2. افقی سریے کو نقشے میں دیے گئے ڈیزائن کے مطابق جوڑ میں لگایا جاتا ہے۔
3. سریے والے سوراخ گراؤٹ، یعنی بھرائی کے خاص مسالے، سے مکمل بھریں۔
4. سریے کی جگہ، جوڑ کی لمبائی اور بنیاد و چھت سے بندھن چیک کرائیں۔

کام روکیں سریا غلط جگہ ہو، کٹا ہو یا اس کے گرد بھرائی نامکمل ہو۔

4.3.1 بلاک میں سریے والی چنائی کی مثال

بلاکس کے سوراخوں میں عمودی سریے کی عملی مثال



یاد رکھیں: پس منظر میں فولادی فریم بھی ہے۔ یہاں تصویر کا مقصد بلاکس کے اندر عمودی سریا دکھانا ہے۔

1. اوپر نظر آنے والے عمودی سریے بلاکس کے کھوکھلے سوراخوں میں اترتے ہیں۔
2. دیوار بوجھ اٹھانے والی ہے یا صرف بھرائی کے لیے ہے، اس کی تصدیق منظور شدہ نقشے سے کریں۔
3. سریے والے سوراخوں کی بھرائی چیک کریں؛ صرف سریا کھڑا کر دینا کافی نہیں۔
4. سریے کی جگہ، جوڑ کی لمبائی اور بھرائی کا طریقہ نگران سے چیک کرائیں۔

کام روکیں سریا سوراخ سے باہر یا غلط جگہ ہو، یا بھرائی کی تفصیل واضح نہ ہو۔

4.4 کنفائنڈ میسنری یعنی بندش والی چنائی

بوجھ اٹھانے والی چنائی کو بینڈ کالم اور بینڈ بیم باندھتے ہیں۔



یاد رکھیں: اس نظام میں دیوار بھی بوجھ اٹھاتی ہے؛ یہ آر سی سی فریم سے الگ نظام ہے۔

1. بنیاد میں سریا پہلے لگتا ہے؛ دیوار کے بعد بینڈ کالموں میں کنکریٹ ڈالتے ہیں۔
2. دیوار کے کونے، سرے اور کھڑکی دروازے کے گرد بینڈ نقشے کے مطابق دیں۔
3. دانت دار کنارہ یا منظور شدہ جوڑ، دیوار کو بینڈ کالم سے ملاتا ہے۔
4. اوپر بینڈ بیم اور آر سی سی چھت کا سریا مکمل جوڑ کر کنکریٹ ڈالیں۔

کام روکیں دیوار اور بینڈ کالم کا جوڑ نہ ہو، یا بوجھ اٹھانے والی دیوار ہٹائی جا رہی ہو۔

4.5 آر سی سی فریم یعنی مسلح کنکریٹ کا ڈھانچا

سریے والے کنکریٹ کے کالم، بیم اور چھت ڈھانچا بناتے ہیں۔



یاد رکھیں: دیوار ہٹانے یا بدلنے سے بھی عمارت کا رویہ بدل سکتا ہے؛ انجینئر سے منظوری لیں۔

1. چھت کا بوجھ بیم سے کالم اور پھر بنیاد تک پہنچتا ہے۔
2. پہلے کنکریٹ کا فریم بنتا ہے؛ پھر درمیان میں بھرائی کی دیواریں بنتی ہیں۔
3. بھرائی کی دیواریں عموماً چھت کا اصل بوجھ نہیں اٹھاتیں؛ نقشہ چیک کریں۔
4. کالم و بیم کا سریا، جوڑ، کنکریٹ کا کور اور شٹرنگ نگران سے چیک کرائیں۔

کام روکیں کالم، بیم یا چھت کا سریا کاٹا جائے، یا بغیر منظوری گہرا سوراخ کیا جائے۔

05 ابتدائی تعمیراتی مراحل اور بنیادیں

5.1 نقشہ، ذمہ داریاں اور نشان دہی

5.1.1 نقشہ، ذمہ داریاں اور نشان دہی

کاریگر کا کام منظور شدہ تفصیل صحیح بنانا ہے۔ عمارت کی طاقت، منزلوں، بنیاد اور سروس کے ڈیزائن کا فیصلہ متعلقہ ماہر کرتا ہے۔



ایک ہی منظور شدہ نقشہ تمام ہنر والوں کے پاس

1. مقامی قانون، متعلقہ ادارے کی شرط اور منصوبے کا منظور شدہ معیار معلوم کریں۔
2. نقشے کا نمبر، تاریخ اور نئی تبدیلی چیک کریں۔ پرانی نقل الگ کریں۔
3. بنیاد، دیوار، بیم، چھت، سریا یا سوراخ کا سائز خود نہ بدلیں۔
4. راج، بڑھئی، سریا کار، پلمبر اور الیکٹریشن کنکریٹ سے پہلے مل کر جگہیں دیکھیں۔

کام روکیں دو ہدایات ٹکرائیں، نقشہ نہ ہو یا ساختی حصہ کاٹنے کو کہا جائے۔

5.1.2 عمارت کی نشان دہی

مضبوط عمارت کی ابتدا صحیح جگہ اور سطح سے ہوتی ہے۔ ہر ناپ ایک مستقل معلوم نشان سے لیں۔



گرڈ اور مستقل سطح کا نشان محفوظ رکھیں

1. پلاٹ کی حد، گرڈ لائن اور کالم یا دیوار کا مرکز نگران کے ساتھ لگائیں۔
2. دونوں رخ کے ناپ اور ترچھے ناپ ملائیں۔ صرف آنکھ سے کونا قائم نہ کریں۔
3. فرش، پلنتھ، ڈی پی سی اور باہر زمین کی سطح نقشے سے نشان کریں۔
4. نشانات کھدائی سے باہر محفوظ رکھیں۔ بارش یا مشین سے ہٹ جائیں تو دوبارہ سروے کرائیں۔

کام روکیں حد متنازع، ترچھے ناپ مختلف یا سطح کا بنیادی نشان گم ہو۔

5.2 بنیادیں اور زمین کی تیاری

5.2.1 بنیاد کے نیچے زمین

خشک یا سخت دکھائی دینے والی زمین کی برداشت آنکھ سے طے نہیں ہوتی۔ زمین بیٹھنے اور پانی بدلنے کا خطرہ بھی جانچنا ہوتا ہے۔



قدرتی تہہ منظور شدہ بھرائی اور بے قابو ملبہ الگ ہیں

1. مٹی کی رپورٹ اور منظور شدہ کھدائی کی سطح معلوم کریں۔
2. کچرا، نامیاتی مٹی، بے قابو بھرائی، نرم گیلی ریت یا پھولنے والی مٹی نگران کو دکھائیں۔
3. منظور شدہ بھرائی صرف طے شدہ مواد، تہہ، نمی اور کمپیکشن ٹیسٹ کے ساتھ استعمال کریں۔
4. تہہ میں نرم جگہ یا پانی ملے تو خود مٹی بھر کر نہ چھپائیں۔ انجینئر کی اجازت کے بعد آگے بڑھیں۔

کام روکیں کھدائی کی زمین رپورٹ سے مختلف یا پڑوسی بنیاد غیر محفوظ ہو۔

5.2.2 بنیاد کا کام اور انتخاب

بنیاد عمارت کا بوجھ زمین تک پہنچاتی ہے




بنیاد کی جانچ ڈالائی سے پہلے مکمل کریں۔ یاد رکھیں: ہر جگہ ایک ہی بنیاد مناسب نہیں ہوتی۔

1. کم گہری بنیادیں: پٹی، الگ پیڈ، مشترکہ فٹنگ اور رافٹ۔
2. گہری بنیاد کی ایک عام قسم پائل ہے۔
3. بنیاد کی قسم کا انتخاب مٹی، زیرِ زمین پانی اور عمارت کے بوجھ سے ہوتا ہے۔
4. بنیاد کی قسم اور ناپ انجینئر کے منظور شدہ نقشے سے لیں۔

کام روکیں زمین کی حالت نقشے یا مٹی کی رپورٹ سے مختلف ہو۔

5.2.3 چنائی کی دیوار کی سیڑھی دار بنیاد

دیوار کے نیچے مسلسل اور چوڑی ہوتی ہوئی پٹی




یاد رکھیں: کنکریٹ بیس، لین کی موٹائی اور مسالے کا تناسب اندازے سے نہ لیں۔

1. دیوار کی سیدھ اور زمین چیک کریں، پھر لین اور کنکریٹ بیس بنائیں۔
2. ہر اسٹیپ کا پھیلاؤ اور چنائی کی اونچائی منظور شدہ نقشے سے لیں۔
3. اینٹوں کی بندش درست رکھیں؛ افقی اور عمودی جوڑ مسالے سے بھریں۔
4. چنائی کی کیورنگ کریں؛ جانچ کے بعد دونوں طرف متوازن بھرائی کریں۔

کام روکیں چنائی بے مرکز ہو، جوڑ خالی ہوں یا زمین نرم اور گیلی ہو۔

5.2.4 پٹی والی بنیاد

بوجھ اٹھانے والی دیوار کے نیچے مسلسل پٹی




یاد رکھیں: یہ تصویر صرف شکل سمجھاتی ہے۔ اصل ناپ نقشے میں ہیں۔

1. لمبی بنیاد دیوار کا بوجھ زمین پر پھیلاتی ہے۔
2. دیوار کی لائن اور بنیاد کی چوڑائی نقشے سے ملائیں۔
3. کھدائی کی تہہ مضبوط اور صاف ہو۔ نرم جگہ نگران کو دکھائیں۔
4. دیوار اور بنیاد کی جگہ یا گہرائی خود سے نہ بدلیں۔

کام روکیں کھدائی میں نرم مٹی، کیچڑ یا غیر متوقع پانی ملے۔

5.2.5 الگ پیڈ فوٹنگ

ایک کالم کے نیچے چوڑی بنیاد




یاد رکھیں: پیڈ کا ناپ کالم کے بوجھ اور مٹی کے مطابق بدلتا ہے۔

1. ہر کالم کے نیچے الگ مربع یا مستطیل پیڈ ہو سکتا ہے۔
2. کالم کا مرکز اور فٹنگ کی جگہ نقشے کے مطابق رکھیں۔
3. سریے کا سائز، فاصلہ اور کور ڈالائی سے پہلے چیک کرائیں۔
4. کالم کے ابتدائی سریے بنیاد میں منظور شدہ تفصیل سے باندھیں۔

کام روکیں کالم کی جگہ، سریا یا کور نقشے سے نہ ملے۔

5.2.6 مشترکہ فوٹنگ

دو کالموں کے نیچے ایک ہی بنیاد




یاد رکھیں: دو الگ پیڈ خود سے جوڑ دینا درست ڈیزائن کا بدل نہیں۔

1. دونوں کالم ایک لمبی مشترکہ فُٹنگ پر کھڑے ہوتے ہیں۔
2. قریب کالموں یا پلاٹ کی حد کے پاس یہ حل اختیار کیا جا سکتا ہے۔
3. دونوں کالموں کے مرکز اور آپس کا فاصلہ درست رکھیں۔
4. فُٹنگ کی شکل، سریا اور موٹائی منظور شدہ نقشے سے لیں۔

کام روکیں کالم کی جگہ، سریا یا کور نقشے سے نہ ملے۔

5.2.7 رافٹ بنیاد

کئی کالموں یا دیواروں کے نیچے ایک بڑی سلیب




یاد رکھیں: رافٹ ہر کمزور زمین کا خود کار حل نہیں۔

1. رافٹ عمارت کے بڑے حصے کا بوجھ وسیع رقبے پر پھیلاتی ہے۔
2. مٹی کی جانچ کے بعد انجینئر اس کا انتخاب کرتا ہے۔
3. تہہ کی تیاری، سریے کی تہیں اور کور پہلے چیک کرائیں۔
4. سروس کے سوراخ اور ڈالائی کے جوڑ نقشے کے مطابق رکھیں۔

کام روکیں نرم جگہ، غلط سریا یا بغیر منظوری سوراخ نظر آئے۔

5.2.8 پائل بنیاد

لمبے پائل بوجھ زمین کی گہری تہوں تک پہنچاتے ہیں



یاد رکھیں: پائل کا کام ماہر ٹیم اور نگرانی میں کرائیں۔

1. اوپر کی زمین مناسب نہ ہو تو پائل ایک ممکنہ حل ہیں۔
2. پائل بوجھ اپنے سرے اور اطراف کی مٹی کے ذریعے منتقل کرتے ہیں۔
3. پائل کی جگہ، گہرائی اور ٹیسٹ انجینئر کی تفصیل سے طے ہوتے ہیں۔
4. پائل کیپ اوپر پائلوں کو جوڑ کر کالم کا بوجھ ان تک پہنچاتی ہے۔

کام روکیں پائل کی جگہ یا گہرائی مختلف ہو، یا مطلوبہ ٹیسٹ نہ ہوں۔

5.3 نمی روک تہہ اور فرش کی جھلی

5.3.1 ڈی پی سی کی پٹی بچھانا

پٹی میں چھوٹا سوراخ یا کھلا جوڑ بھی نمی کا راستہ بنا سکتا ہے۔ عام پیکنگ پلاسٹک منظور شدہ ڈی پی سی کا بدل نہیں۔



پورا سہارا اور بند اوور لیپ

1. سطح صاف، برابر اور مطلوبہ لیول پر تیار کریں۔ تیز کنکر اور نکلا مسالہ ہٹائیں۔
2. دیوار کی پوری چوڑائی پر پٹی بچھائیں۔ بل، کھنچاؤ یا سوراخ نہ چھوڑیں۔
3. اوور لیپ، کونوں اور سیل کرنے کی لمبائی کمپنی کی منظور شدہ تفصیل سے رکھیں۔
4. فرش کی جھلی سے جوڑ جانچیں، تصویر لیں، پھر احتیاط سے اگلا کام کریں۔

کام روکیں پٹی پھٹے، کیل لگے، جوڑ کھلے یا دیوار کا حصہ بغیر تہہ رہ جائے۔

5.3.2 کنکریٹ والی ڈی پی سی

جہاں نقشے میں کنکریٹ والی ڈی پی سی ہو، اس کی موٹائی، مکس اور ساتھ کی تہیں اسی منظور شدہ نظام سے لیں۔



واٹر پروف کیمیکل خراب کنکریٹ، کھلے جوڑ یا نامکمل جھلی کو درست نہیں کرتا۔

1. لیول اور پوری چوڑائی کے لیے مضبوط کنارے تیار کریں۔
2. منظور شدہ مکس میں مقررہ کیمیکل صرف ناپ کر ڈالیں۔ اضافی پانی نہ ملائیں۔
3. کنکریٹ اچھی طرح بٹھائیں اور سطح برابر کریں۔ خالی جگہ یا ٹوٹا تسلسل نہ رہے۔
4. مطلوبہ کیورنگ کے بعد اگلی تہہ اس کی ہدایت کے مطابق لگائیں۔

کام روکیں کیمیکل اندازے سے ڈالا جائے یا کنکریٹ میں دراڑ اور خلا ہو۔

5.3.3 دیوار کی ڈی پی سی اور فرش کی پانی روک تہہ کا ملاپ

ڈی پی سی دیوار میں زمین سے چڑھنے والی نمی روکتی ہے۔ فرش کی جھلی، چھت کی حفاظت اور تہہ خانے میں پانی کا دباؤ الگ مسئلے ہیں۔



1. دیوار کی ڈی پی سی 2. فرش کی جھلی 3. بند جوڑ

1. نمی کہاں سے آ رہی ہے پہلے معلوم کریں۔ ہر مسئلے پر ایک ہی کوٹنگ نہ لگائیں۔
2. دیوار کی تہہ، فرش کی جھلی، کونوں اور پائپوں کے جوڑ ایک مسلسل حفاظت بنائیں۔
3. پولیتھین، تار کول، سیمنٹ پر مبنی کوٹنگ، جوڑ کی ٹیپ اور سیلنٹ صرف مناسب منظور شدہ نظام میں استعمال کریں۔
4. باہر کی مٹی، پلستر یا پختہ فرش سے ڈی پی سی کے اوپر نمی کا راستہ نہ بننے دیں۔

کام روکیں پانی کا سبب نامعلوم یا تہہ کا مواد غیر موزوں ہو۔

5.4 بھرائی، پلنتھ اور فرش

فرش کی مضبوطی نیچے کی بھرائی سے بھی آتی ہے۔ ڈھیلا ملبہ بعد میں بیٹھ کر فرش اور پائپ توڑ سکتا ہے۔



نیچے کوٹی ہوئی تہیں؛ اوپر نمی روک جھلی فرش سے جڑی ہو

1. منظور شدہ صاف مواد مقررہ موٹائی کی تہوں میں پھیلائیں۔ نمی اور فرش کی بھرتی کی ہدایت مانیں۔
2. ہر ضروری تہہ کا کمپیکشن ٹیسٹ اور سطح درج کریں۔ دیوار پر ایک طرف اچانک بھاری بھرائی نہ کریں۔
3. فرش کی دانے دار تہہ، نمی روک جھلی اور دیوار کی ڈی پی سی کا مسلسل جوڑ بنائیں۔
4. سیلابی جگہ میں فرش کی محفوظ اونچائی اور راستے کا ریمپ نقشے سے رکھیں۔

کام روکیں کچرا بھرا جائے، تہہ بغیر جانچ چھپے یا ڈی پی سی مٹی سے پل بن کر ڈھک جائے۔

06 دیواروں کی چنائی اور جوڑ

6.1 چنائی کے مواد اور طریقے

6.1.1 اینٹ سے دیوار کی چنائی

دیوار کی طاقت درست بندش، بھرے جوڑ اور سیدھ سے بنتی ہے۔
اچھی اینٹ بھی غلط لگے تو دیوار کمزور رہتی ہے۔





اینٹوں کے جوڑ مکمل بھرے ہوں اور ہر نئی قطار کے جوڑ پچھلی قطار سے ہٹے ہوئے ہوں۔

1. ڈی پی سی اور کونے چیک کریں۔ اینٹ کو موسم کے مطابق نم کریں؛ پانی ٹپکتا نہ ہو۔
2. مکمل مسالہ بچھا کر اینٹ بٹھائیں۔ افقی اور عمودی جوڑ پورے بھریں۔
3. ڈوری، لیول اور شاقول سے کام کے دوران بار بار جانچ کریں۔ موٹائی اور جوڑ گیج سے ناپیں۔
4. کونے اور ٹی جوڑ باندھیں۔ کام روکنا ہو تو سرا سیڑھی کی طرح چھوڑیں۔

کام روکیں جوڑ خالی، دیوار ٹیڑھی یا مختلف رخ الگ کھڑے ہوں۔

6.1.2 ٹھوس، کھوکھلے اور ہلکے بلاک کی چنائی

ہر بلاک کے لیے ایک ہی مسالہ اور گیلا کرنے کا طریقہ درست نہیں۔ بلاک اور مکس بنانے والے کی منظور شدہ ہدایت دیکھیں۔




کھوکھلے بلاک کا خانہ اور ہلکے بلاک کا باریک جوڑ

1. ٹھوس بلاک کی پہلی ردی پوری مسالہ تہہ پر برابر کریں۔ جوڑ ہٹائیں اور مکمل بھریں۔
2. کھوکھلے بلاک میں مقررہ بیڈنگ دیں۔ بھرنے والے خانے، سریا اور صفائی کے سوراخ کھلے رکھیں۔
3. سریے والے خانے منظور شدہ گراؤٹ سے بھریں اور مقررہ طریقے سے بٹھائیں۔ پتلا عام مسالہ گراؤٹ نہیں۔
4. اے اے سی کی پہلی قطار برابر سطح پر لگائیں۔ کام روکنے پر آخری حصہ سیڑھی کی شکل میں چھوڑیں۔

کام روکیں خانے بند، بلاک کمزور یا غلط چپکانے والا مکس ہو۔

6.1.3 پتھر کی دیوار کی چنائی

پتھر کی دونوں سطحیں الگ الگ کھڑی کرنا خطرناک ہے۔ دیوار کے اندر اور آر پار مضبوط بندش ضروری ہے۔




1. صاف مضبوط پتھر لیں۔ بڑے اور مناسب پتھر نیچے اور کونوں میں بٹھائیں۔
2. پتھر مناسب رخ پر مکمل مسالے میں بٹھائیں۔ اندر کے خلا مسالے اور موزوں چھوٹے پتھروں سے بھریں۔
3. ردیوں کے جوڑ ہٹائیں۔ آر پار باندھنے والے پتھر یا منظور شدہ بندھن مقررہ جگہ دیں۔
4. تراشے پتھر میں ناپ، سیدھ اور جوڑ یکساں رکھیں۔

کام روکیں پتھر ہلے، اندر خشک خلا ہو یا دونوں رخ الگ ہوں۔

6.2 اینٹوں کی بندش اور کام روکنے کا سرا

6.2.1 انگلش اور فلیمش بندش

بندش سے اینٹوں کے جوڑ ٹوٹتے ہیں اور دیوار کی چوڑائی بھی آپس میں جڑتی ہے۔ نقشے میں دی گئی بندش کا نمونہ پہلے منظور کرائیں۔




1. انگلش 2. فلیمش (صرف سامنے کی پہچان، مکمل بندش کا نقشہ نہیں)

1. اسٹریچر میں اینٹ کا لمبا رخ اور ہیڈر میں چھوٹا رخ سامنے آتا ہے۔
2. انگلش بندش میں ہیڈر والی اور اسٹریچر والی ردیاں باری باری آتی ہیں۔
3. فلیمش بندش میں ہر قطار میں ہیڈر اور اسٹریچر باری باری لگائیں۔ اگلی قطار کے جوڑ پچھلی قطار سے ہٹے ہوئے رکھیں۔
4. کونے، آدھی اینٹ اور کلوزر تفصیل سے لگائیں۔ صرف سامنے اچھا نمونہ پوری چوڑائی کی بندش ثابت نہیں کرتا۔

کام روکیں عمودی جوڑ کئی ردیوں میں مسلسل یا کونے کی بندش غلط ہو۔

6.2.2 ریٹ ٹریپ بندش اور کام روکنے کا سیڑھی دار سرا

ریٹ ٹریپ بندش میں اینٹیں کنارے پر لگتی ہیں اور اندر خلا بنتا ہے۔ اس کی بنیاد، کونے، سوراخ اور بوجھ کی تفصیل خاص ہوتی ہے۔



1. خلا والی بندش کا اوپری تصور 2. سیڑھی دار رکا ہوا سرا

1. ریٹ ٹریپ صرف منظور شدہ ڈیزائن اور تربیت یافتہ کاریگر سے بنائیں۔ اس کا نمونہ پہلے چیک کرائیں۔
2. خلا میں گرا مسالہ صاف رکھیں۔ ضروری آرپار بندش اور ٹھوس حصے مکمل کریں۔
3. چنائی روکنے کا سرا نقشے کے مطابق سیڑھی دار چھوڑیں۔ بعد میں ملانے کی تفصیل پہلے طے کریں۔

کام روکیں خلا، کونوں یا بعد میں ملنے والی دیوار کی تفصیل معلوم نہ ہو۔

6.3 موٹائی، دیواروں کے جوڑ اور کھلے حصے

6.3.1 دیوار کی موٹائی کی جانچ

کم موٹائی والی بوجھ اٹھانے کی دیوار خطرناک ہو سکتی ہے



یاد رکھیں: دیوار کی موٹائی ہمیشہ ڈرائنگ اور انجینئر کی ہدایت سے لیں۔

1. کام سے پہلے منظور شدہ موٹائی دیکھیں۔
2. پوری دیوار میں موٹائی یکساں رکھیں۔
3. دروازے اور کونے پر خاص طور پر چیک کریں۔
4. ہر مرحلے پر نگران سے پیمائش کرائیں۔

کام روکیں دیوار نقشے سے پتلی ہو یا موٹائی خود بدلنے کو کہا جائے۔

6.3.2 دیوار کے مضبوط جوڑ

جوڑ مکمل، کونے بندھے اور دیواریں آپس میں جڑی ہوں



یاد رکھیں: کمزور جوڑ پوری دیوار کو کمزور کرتا ہے۔

1. افقی اور عمودی جوڑ مکمل بھریں۔
2. ہر قطار کا جوڑ اگلی قطار سے ہٹا کر رکھیں۔
3. کونوں پر اینٹ یا بلاک آپس میں پھنسا کر لگائیں۔
4. ضروری سریا اور بند ڈرائنگ کے مطابق رکھیں۔

کام روکیں جوڑ خالی ہو، دیوار الگ کھڑی ہو یا کنکشن نہ ہو۔

6.3.3 دروازے، لنٹل اور دیوار کے جوڑ

کھڑکی، دروازہ اور پائپ کی جگہ دیوار کی طاقت بدل سکتی ہے۔ کام سے پہلے ان کے نشان طے کریں۔



لنٹل کے سرے کا سہارا اور دیوار کا مقررہ بند ھن

1. سوراخ کا سائز، کونے سے فاصلہ، لنٹل کا سہارا اور ارد گرد کے بند ھن نقشے سے لیں۔
2. فریم کی بھرائی یا پارٹیشن میں منظور شدہ اینکر، حرکت کا جوڑ اور اوپر کی جگہ نقشے کے مطابق رکھیں۔
3. کیویٹی دیوار میں اندر اور باہر کی تہہ مقررہ ٹائی سے جوڑیں۔ خلا، فلیشنگ اور پانی کے سوراخ صاف رکھیں۔
4. بعد میں پائپ کے لیے ساختی بند، کالم، بیم یا سریانہ کاٹیں۔

کام روکیں دروازہ بڑا کیا جائے، لنٹل بے سہارا یا مطلوبہ جوڑ بند ہو۔

07 چھتوں کی اقسام اور تنصیب

7.1 سی جی آئی شیٹ کی چھت

جستی چادروں کا بوجھ پرلنز اور ٹرس سے بیم تک پہنچتا ہے۔




بیم سے ٹرس کے جوڑ کی مثالی تفصیل؛ اصل کنکشن نقشے کے مطابق ہو۔

1. بیم سے جوڑ: بیس پلیٹ، اینکر بولٹ اور ویلڈ منظور شدہ نقشے کے مطابق لگائیں؛ جوڑ چیک کرائیں۔
2. ٹرس: لوہے کا مثلثی ڈھانچا ہے۔ سیدھ اور ترچھے بند ھن چیک کریں؛ کوئی حصہ نہ کاٹیں۔
3. پرلنز: ٹرسوں کے آر پار لگتے ہیں اور شیٹس کو سہارا دیتے ہیں۔ فاصلے اور جوڑ نقشے سے ملائیں۔
4. شیٹس: نالیاں ڈھلوان کی سمت رکھیں۔ اوور لیپ، اسکرو، سیلنگ واشر اور رج کیپ کمپنی کی ہدایت سے لگائیں۔

کام روکیں جوڑ ڈھیلا ہو، ہوا تیز ہو یا اونچائی سے گرنے کے بچاؤ کا انتظام نہ ہو۔

7.2 آر سی سی کی چھت

آر سی سی سلیب اور فولادی گارڈر یا ٹی آئرن والی چھت کی تفصیل مختلف ہے۔ ایک چھت کو دوسری سے بدلنے سے وزن اور جوڑ بدل جاتے ہیں۔




سریے والی سلیب اور فولادی سہارا والی چھت کی تصوری پہچان

1. فارم ورک: لیول، بند جوڑ، مضبوط سہارے اور ترچھے بند ھن چیک کرائیں۔
2. سریے کی فکسنگ: قطر، فاصلہ، جوڑ اور کور نقشے سے ملائیں۔ سریا کور بلاکس پر باندھیں۔
3. کنکریٹ سے پہلے شٹرنگ اور سریا چیک کرائیں؛ سائز، موٹائی اور طریقہ منظور شدہ نقشے سے لیں۔
4. کنکریٹ: منظوری کے بعد ڈالیں اور کمپیکٹ کریں؛ اپنی مرضی سے پانی نہ ملائیں۔
5. کیورنگ: نمی برقرار رکھیں۔ مضبوطی چیک ہونے پر شٹرنگ اور سہارے اجازت سے ہٹائیں۔

کام روکیں سہارا ہلے یا دھنسے، شٹرنگ جھکے، سریا جگہ سے ہٹے یا کنکریٹ کی منظوری نہ ہو۔

7.3 گرڈر اور ٹی آر کی چھت

ٹائلوں کا بوجھ ٹی آر سے گرڈر اور پھر دیواروں تک پہنچتا ہے۔



تہیں سمجھانے کے لیے الگ ہیں؛ یہ آر سی سی سلیب نہیں۔

1. گرڈر: دونوں سروں کا سہارا، دیوار سے جوڑ اور زنگ سے بچاؤ نقشے کے مطابق چیک کرائیں۔
2. ٹی آر: گرڈر کے آر پار لگتے ہیں۔ چوڑا حصہ نیچے ہوتا ہے، جس پر ٹائلیں ٹکتی ہیں۔
3. ٹائلیں: کنارے ٹی آر پر درست بیٹھیں۔ ٹوٹی یا چٹخی ٹائل استعمال نہ کریں۔
4. اسکریڈنگ: اوپر ہموار کرنے کی تہہ ہے۔ پانی کی ڈھلوان اور واٹر پروفنگ نقشے کے مطابق ہوں۔

کام روکیں سہارا کم ہو، لوہا جھکایا شدید زنگ آلود ہو، ٹائل ڈھیلی ہو یا نئی دراڑ نظر آئے۔

7.4 پری کاسٹ چھت اور اٹھانے کا کام

تیار کنکریٹ کے حصے اٹھانا اور بچھانا ماہر ٹیم کا کام ہے۔ ٹوٹا کنارہ یا غلط سہارا پورے حصے کو غیر محفوظ کر سکتا ہے۔



منظور شدہ اٹھانے کے مقامات پر ہی اٹھائیں اور مکمل سہارا فراہم کریں۔


1. پری کاسٹ بیم اور سلیب کی جگہ، دونوں سروں کے سہارے اور تمام جوڑ منظور شدہ نقشے کے مطابق چیک کریں۔
2. پلیٹیں: گرڈروں کے آر پار رکھیں۔ ہر پلیٹ کے دونوں سرے مقررہ سہارے پر رکھیں۔
3. جوڑ: بھرائی، بندھن اور عارضی سہارے نقشے کے مطابق مکمل کریں؛ ٹوٹی پلیٹ نہ لگائیں۔
4. اسکریڈنگ: ہمواری اور ڈھلوان کی تہہ ہے۔ موٹائی اور واٹر پروفنگ نقشے کے مطابق ہوں۔

کام روکیں گرڈر یا پلیٹ چٹخی ہو، کنارہ ٹوٹا ہو، سہارا کم ہو یا جوڑ کی تفصیل واضح نہ ہو۔

08 واٹر پروفنگ اور پلستر

8.1 زیر زمین دیوار اور بیرونی نکاسی

تہہ خانے میں پانی کا دباؤ ہو سکتا ہے۔ صرف اندر پلستر یا باہر نالی لگا دینا مکمل حل نہیں۔



جھلی کی حفاظت اور پانی کے نکلنے کا راستہ

1. بیرونی جھلی، کنکریٹ کے جوڑ کے واٹر اسٹاپ اور تمام سوراخ منظور شدہ تفصیل سے بند کریں۔
2. جھلی کو بھرائی سے بچانے کے لیے حفاظتی بورڈ یا مقررہ تہہ دیں۔
3. فلٹر، ڈرین اور نکاسی کا محفوظ آخری راستہ مکمل رکھیں۔ ڈرین کی چادر خود واٹر پروف تہہ نہیں۔
4. کھڑکی، چھجے اور ڈاؤن پائپ سے پانی دیوار اور بنیاد سے دور نکالیں۔

کام روکیں جھلی خراب، واٹر اسٹاپ ہٹا ہوا یا پانی کی نکاسی بند ہو۔

8.2 چھت اور غسل خانے کی واٹر پروفنگ

ٹائل اور گراؤٹ کے جوڑ پانی روک جھلی کا بدل نہیں۔ پانی پہلے نالی کی طرف بہنا چاہیے۔



نالی پائپ اور دیوار کے ملاپ پر مسلسل حفاظت

1. چھت کی سطح مضبوط اور صاف رکھیں اور ہلکی ڈھلوان نالی کی طرف رکھیں۔
2. نالی کی طرف نقشے کے مطابق ڈھلوان رکھیں، کہیں پر پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔
3. واٹر پروف تہہ کو دیوار پر اوپر تک لے جائیں، کونوں پر ٹیپ لگائیں اور نالی اور پائپ کے جوڑوں کو اچھی طرح بند کریں۔
4. تہہ کی مقررہ تعداد، موٹائی اور خشک ہونے کا وقت پورا کریں۔

کام روکیں اگر چھت پر پانی کھڑا ہو، میٹیریل کھلا اور گاڑھا ہو چکا ہو، یا ٹیسٹ کے دوران لیکج نظر آئے۔

8.3 واٹر پروفنگ کے مواد اور ان کا استعمال

مقام کے مطابق منظور شدہ مکمل نظام چنیں



تربیتی تصویر۔ اصل کام منظور شدہ تفصیل کے مطابق کریں۔

1. دیوار کی ڈی پی سی: منظور شدہ پولی تھین یا کولتار کی پٹی۔
2. فرش اور زیر زمین حصے: مناسب شیٹ میمبرین اور سیل شدہ جوڑ۔
3. گیلے حصے: سیمنٹ پر مبنی کوٹنگ۔ چھت: چھت کے لیے منظور شدہ تہہ۔
4. کونے اور پائپ: سیلنگ ٹیپ، کالر اور مناسب سیلنٹ یا واٹر اسٹاپ۔

کام روکیں مواد خراب، زائد المیعاد یا اس جگہ کے لیے نامناسب ہو۔

8.4 پلستر اور سطح کی تیاری

پلستر فنش ہے۔ وہ ٹیڑھی، غیر مستحکم یا مسلسل گیلی دیوار کا ساختی علاج نہیں۔



مضبوط صاف سطح پر متعین تہیں

1. ڈھیلا حصہ، دھول اور میل ہٹائیں۔ رساؤ، نمک اور دراڑ کا سبب پہلے درست کرائیں۔
2. سطح اور جوڑ مکس کے مطابق تیار اور نم کریں۔ مختلف مواد کے ملاپ کی تفصیل دیکھیں۔
3. مقررہ مکس اور موٹائی کی تہیں لگائیں۔ حرکت کا جوڑ پلستر سے بند نہ کریں۔
4. موسم سے بچائیں اور مطلوبہ کیورنگ کریں۔ اگلی کوٹنگ سے پہلے سطح کی حالت جانچیں۔

کام روکیں کھوکھلا پلستر، نئی دراڑ یا اندر سے جاری نمی ہو۔

09 مسالے کی اقسام اور تیاری

9.1 سیمنٹ کا مسالہ

مسالہ اینٹ یا بلاک کو جوڑتا ہے۔ زیادہ سیمنٹ یا زیادہ پانی ہر دیوار کو بہتر نہیں بناتا؛ مناسب مسالہ نقشے میں مقرر ہوتا ہے۔



منظور شدہ تحریری مقدار، یکساں پیمانہ اور صاف تختہ

1. منظور شدہ تناسب اور ناپنے کا طریقہ معلوم کریں۔ ایک ہی درست پیمانہ استعمال کریں۔
2. سیمنٹ اور ریت یکساں خشک ملائیں؛ پھر مقررہ پانی آہستہ شامل کریں۔
3. صاف تختے یا مکسر میں چھوٹی مناسب کھیپ بنائیں۔ مٹی پر نہ ملائیں۔
4. تیار ہونے کا وقت لکھیں۔ سخت ہونا شروع ہو تو پانی ڈال کر دوبارہ قابل استعمال نہ بنائیں۔

کام روکیں تناسب نامعلوم، مکس آلودہ یا مسالہ جمنا شروع ہو۔

9.2 چونے کا مسالہ

چونے اور سیمنٹ کے مسالے ایک جیسے نہیں۔



چونے کے لیے الگ مواد اور حفاظتی ہدایت

1. منظور شدہ چونے کی قسم اور ریت لیں۔ بجھا ہوا چونا اور بغیر بجھا چونا الگ پہچانیں۔
2. بغیر بجھا چونا پانی سے شدید گرم ہو سکتا ہے۔ تربیت اور محفوظ انتظام کے بغیر نہ بجھائیں۔
3. چشمہ، مناسب دستانے اور گرد سے حفاظت رکھیں۔ مقررہ تناسب اور طریقے سے ملائیں۔
4. تازہ چونے کے کام کو جلد خشک ہونے، بارش اور ٹھنڈ سے بچائیں اور ہدایات کے مطابق کیورنگ کریں۔

کام روکیں چونے کی قسم یا پرانی دیوار کے لیے موزوں مکس معلوم نہ ہو۔

9.3 مسالے کی مقدار ناپنا اور آمیزش

مسالہ خشک مکس کریں، پانی کم ڈالیں اور تازہ استعمال کریں مصالحہ



یاد رکھیں: پرانے مسالے میں دوبارہ پانی نہ ڈالیں۔

1. سیمنٹ اور ریت ناپنے کے ڈبے سے لیں۔
2. دونوں کو خشک حالت میں یکساں ملائیں۔
3. پانی تھوڑا تھوڑا ڈالیں۔
4. تیار مسالہ جلد استعمال کریں۔

کام روکیں مسالہ کا تناسب معلوم نہ ہو یا مسالہ سخت ہونے لگے۔

10 کنکریٹ کی تیاری، جانچ اور نگہداشت

10.1 کنکریٹ کی مقدار اور آمیزش

ساختی کنکریٹ کا درجہ منظور شدہ مکس اور ٹیسٹ سے حاصل ہوتا ہے۔ زبانی بتایا ہوا عام تناسب ہر کام کے لیے کافی نہیں۔



ناپے ہوئے اجزا سے یکساں کھیپ

1. ریت اور بجری کی نمی کے حساب سے پانی درست کرائیں۔ پانی ڈرم میں ناپ کر رکھیں۔
2. مکسر صاف ہو۔ مقررہ مقدار اور وقت سے یکساں مکس بنائیں۔ چلتے مکسر میں ہاتھ نہ ڈالیں۔
3. ریڈی مکس آئے تو سلپ، گریڈ، وقت اور مقام ملائیں۔ پا
4. سیمنٹ، ریت، بجری، پانی اور کیمیکل مقررہ مقدار میں استعمال کریں۔ پیمائش کے لیے وزن یا منظور شدہ حجمی پیمانہ استعمال کریں۔

کام روکیں مکس نامعلوم، مواد الگ ہو یا کھارا/نمکین پانی ملایا جائے۔

10.2 سلمپ کی جانچ اور طاقت کے نمونے

سلمپ تازہ کنکریٹ کی روانی کی جانچ ہے۔ یہ اکیلا کنکریٹ کی طاقت نہیں بتاتا۔ طاقت کے لیے مقررہ نمونے ٹیسٹ ہوتے ہیں۔



کنکریٹ کے مسالے میں خلا کی بندش اور سریے کے سروں کی سیڑھی دار ترتیب چیک کریں۔

1. منظور شدہ ٹیسٹ طریقہ، وقفہ اور قبول کرنے کی حد پہلے معلوم کریں۔
2. تربیت یافتہ شخص نمائندہ نمونہ لے۔ سلمپ، درجہ حرارت اور مطلوبہ دوسری جانچ ریکارڈ کرے۔
3. کیوب یا سلنڈر پر کھیپ، تاریخ اور ڈالائی کا مقام لکھیں۔ صحیح سانچہ، تیاری، ابتدائی حفاظت اور لیب ترسیل رکھیں۔
4. کیوب اور سلنڈر کی طاقت کو براہ راست ایک عدد نہ سمجھیں۔ نتیجہ انجینئر کو دیں۔

کام روکیں ٹیسٹ یا شناخت نامکمل ہو، یا نتیجہ قبول کرنے کی حد سے باہر ہو۔

10.3 گرم اور سرد موسم میں کنکریٹ

گرمی میں مکس جلد سخت ہو سکتا ہے؛ سردی میں طاقت آہستہ بنتی ہے۔ سردی میں تازہ کنکریٹ کو نقصان دے سکتا ہے۔



گرمی میں خشک ہونے اور سردی میں جمنے سے حفاظت

1. گرمی میں ٹھنڈے وقت کی ڈالائی، سایہ، بروقت رسد اور فوری سطحی حفاظت طے کریں۔
2. سرد علاقوں والی زمین، برف والے فارم یا جمی سطح پر کنکریٹ نہ ڈالیں۔
3. سردی میں منظور شدہ حرارتی حفاظت رکھیں۔ کھلی آگ سے سطح گرم نہ کریں؛ بند جگہ میں دھواں نہ جمع ہو۔
4. درجہ حرارت لکھیں۔ نمک، اینٹی فریز یا غیر منظور شدہ کیمیکل نہ ملائیں۔

کام روکیں موسم کے مطابق حفاظت تیار نہ ہو یا کنکریٹ کی قابل قبول حالت برقرار نہ رہے۔

10.4 کنکریٹ کی کیورنگ

کیورنگ کا مطلب تازہ کنکریٹ کی نمی اور درجہ حرارت برقرار رکھنا ہے تاکہ وہ مطلوبہ طاقت حاصل کرے۔



پوری سطح پر نمی اور حفاظت کا تسلسل

1. مناسب وقت پر سطح خراب کیے بغیر حفاظت شروع کریں۔ دھوپ اور خشک ہوا سے بچائیں۔
2. منظور شدہ طریقہ اپنائیں؛ مثلاً مسلسل نم کپڑا، مناسب جھلی یا موزوں کیورنگ کمپاؤنڈ۔
3. گیلا کر کے پھر خشک ہونے دینا مسلسل کیورنگ نہیں۔ کونوں اور عمودی سطحوں کو بھی بچائیں۔
4. شروع اور اختتام، طریقہ اور روز کی حالت لکھیں۔ مدت مکس، موسم اور تصریح سے لیں۔

کام روکیں تازہ سطح خشک، جھلی اڑی یا کیورنگ بند ہو۔

10.5 کنکریٹ کی کمپیکشن اور کوالٹی چیکنگ

کنکریٹ کو آخری جگہ کے قریب ڈالیں۔ اس میں ہوا کے بڑے خلانہ رہیں اور ریت بجری الگ نہ ہو۔



آخری جگہ کے قریب ڈالائی اور منظم وائبریشن

1. ڈالائی کی مقررہ ترتیب اور تہہ رکھیں۔ اونچائی سے آزاد گرا کر مکس الگ نہ کریں۔
2. موزوں وائبریٹر تربیت یافتہ شخص چلائے؛ اسے کنکریٹ دور دھکیلنے کے لیے استعمال نہ کریں۔
3. سریا، سلیو اور کور اپنی جگہ رہیں۔ ہر حصے میں کنکریٹ بھرنے کی رسائی رکھیں۔
4. رکنے کی صورت میں نگران سے جوڑ کی تفصیل لیں۔ خود سے کمزور جگہ پر نیا جوڑ نہ بنائیں۔

کام روکیں وائبریٹر ناکام، فارم ہلے، مکس الگ — یا کنکریٹ بھرنے کا راستہ بند ہو۔

11 کنفائنڈ میسنری کی مرحلہ وار تعمیر

11.1 کنفائنڈ میسنری کی تعمیر کا سلسلہ

دیوار پہلے؛ اسے باندھنے والے ٹائی کالم کا کنکریٹ بعد میں۔



چنائی، ٹائی کالم، مسلسل بینڈ اور آر سی سی چھت کا مثالی نظام۔


1. چنائی: دیوار چھت کا بوجھ بنیاد تک پہنچاتی ہے۔ ٹائی کالم اور بینڈ اسے یکجا رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔
2. درمیانی بندھن: اس باب میں سل بینڈ اور لنٹل بینڈ دونوں مسلسل دیواروں اور کونوں پر دکھائے گئے ہیں۔
3. ترتیب: بنیاد، پلنتھ، سل تک چنائی، سل بینڈ، لنٹل تک چنائی، لنٹل بینڈ، پھر روف لیول تک چنائی۔
4. آخری مراحل: پہلے ٹائی کالم کا کنکریٹ؛ اس کے بعد روف بینڈ اور آر سی سی سلیب کی ڈالائی ایک ساتھ۔

کام روکیں بینڈ پہلے اور کالم بعد میں ڈالنے کے جوڑ اور ترتیب کی انجینئر سے منظوری نہ ہو۔

11.2 بنیاد اور پلنتھ بینڈ

11.2.1 بنیاد اور اسٹارٹر سریا

بنیاد عمارت کا بوجھ زمین تک پہنچاتی ہے۔




کٹا منظر بنیاد میں کالم کے سریے کا تعلق دکھاتا ہے؛ پیمانے پر نہیں۔

1. کھدائی: چوڑائی اور گہرائی نقشے سے لیں۔ تہہ سے نرم مٹی، ملبہ اور کھڑا پانی صاف کریں۔
2. جانچ: بنیاد رکھنے سے پہلے نگران سے تہہ چیک کرائیں؛ کمزور جگہ اپنی مرضی سے نہ بھر دیں۔
3. اسٹارٹر سریا: ٹائی کالم کی جگہ، سیدھ، قطر اور تعداد چیک کریں۔ اینکر کی لمبائی نقشے سے لیں۔
4. کنکریٹ: کور بلاکس لگائیں، سریے کے گرد کنکریٹ پہنچائیں اور اچھی طرح کمپیکٹ کریں۔

کام روکیں کھدائی کی دیوار گرنے لگے، زمین نرم نکلے یا اسٹارٹر سریا غلط جگہ ہو۔

11.2.2 مسلسل پلنتھ بینڈ

پلنتھ بینڈ دیواروں کے نیچے مسلسل بند ھن بناتا ہے۔



کونے کا مثالی جوڑ؛ اصل اینکر، لیپ اور کور نقشے کے مطابق ہوں۔


1. تسلسل: متعلقہ بیرونی اور اندرونی دیواروں کے نیچے بینڈ ایک طے شدہ لیول پر جاری رکھیں۔
2. کونے اور ملاپ: سریا نقشے کے مطابق موڑیں یا اینکر کریں؛ صرف سرے ملا کر نہ چھوڑیں۔
3. کالم سے جوڑ: اسٹارٹر سریا، بینڈ کی سلاخیں، کڑیاں اور لیپ کی جگہ کنکریٹ سے پہلے چیک کرائیں۔
4. کور اور شٹرنگ: منظور شدہ کور بلاکس اور مضبوط شٹرنگ لگائیں؛ ڈالائی کے بعد کیورنگ کریں۔

کام روکیں بینڈ کونے پر ٹوٹے، سریے کا جوڑ کھلا ہو یا کور بلاکس موجود نہ ہوں۔

11.3 سل اور لنٹل تک چنائی اور بینڈ

11.3.1 سل کی سطح تک چنائی

پلنتھ کے اوپر چنائی سل بینڈ کے مقررہ لیول تک کریں۔




یہاں ۳فٹ پلنتھ کے اوپر سے دکھایا گیا ہے؛ اصل لیول نقشے سے لیں۔

1. اینٹ اور مصالحہ: مضبوط اینٹ، صاف ریت اور پانی لیں۔ مصالحے کی مقدار مقررہ پیمانے سے ناپیں۔
2. جوڑ: افقی اور عمودی جوڑ پورے بھریں۔ اوپر نیچے عمودی جوڑ ایک سیدھ میں نہ آنے دیں۔
3. سیدھ: سوت، لیول اور شاقول سے چنائی چیک کریں۔ دروازے کی مقررہ جگہ شروع سے خالی رکھیں۔
4. کالم کی جگہ: سریے کے گرد جگہ کھلی رکھیں۔ دانت دار کنارہ بنائیں اور گرا ہوا مصالحہ صاف کریں۔

کام روکیں دیوار جھکے، جوڑ خالی رہیں یا کالم کی جگہ چنائی اور ملبے سے بند ہو جائے۔

11.3.2 مسلسل سل بینڈ

سل بینڈ کھڑکی کے نچلے لیول پر دیواروں کو جوڑتا ہے۔




سل بینڈ کا کنکریٹ کالم کی خالی جگہ پر رکتا ہے؛ وہاں سریے کا جوڑ رہے۔

1. دیواروں پر بینڈ: صرف کھڑکی کے نیچے نہیں؛ تمام متعلقہ دیواروں پر بنائیں، مگر کالم کی جگہ کنکریٹ نہ بھریں۔
2. دروازہ: کھلے راستے میں آڑا کنکریٹ نہ ڈالیں؛ دونوں کناروں کے کالم سے جوڑ نقشے کے مطابق ہو۔
3. سریا: بینڈ کی سلاخیں کالم کے پنجرے سے منظور شدہ طریقے سے جوڑیں؛ اینکر اور کور چیک کرائیں۔
4. ڈالائی: لیول اور شٹرنگ چیک کر کے کنکریٹ ڈالیں۔ کمپیکشن اور کیورنگ کے بعد اگلا کام شروع کریں۔

کام روکیں بینڈ کا کنکریٹ کالم کی خالی جگہ بند کرے یا کالم سے سریے کا جوڑ غائب ہو۔

11.3.3 بینڈ کے سریے اور ٹائی کالم کا جوڑ

طولی سریا لمبائی میں، عرضی کڑیاں اس کے آر پار ہوتی ہیں۔




دو طولی سریوں کی صرف مثال؛ تصویر مکمل بار شیڈول یا پیمانے پر نہیں۔

1. طولی سریا: اس مثال میں دو سلاخیں دیوار کی چوڑائی میں ساتھ ساتھ ہیں۔ اصل تعداد اور قطر نقشے سے لیں۔
2. عرضی کڑیاں: طولی سریوں کو باندھتی ہیں۔ قطر، ہک اور مرکز سے مرکز فاصلہ منظور شدہ بار شیڈول سے لیں۔
3. کالم کا جوڑ: بینڈ کا سریا کالم میں مسلسل اور اینکر ہو؛ اس مرحلے پر بینڈ کا کنکریٹ کالم کی جگہ نہ بھرے۔
4. بینڈ کا سائز: گہرائی، چوڑائی اور کور نقشے سے ملائیں۔ کھلے حصے کا لنٹل الگ جانچیں؛ وہ بوجھ بھی اٹھاتا ہے۔

کام روکیں قطر، فاصلہ، اینکر یا ڈالائی کے جوڑ کی تفصیل غائب ہو؛ تصویر دیکھ کر اندازہ نہ لگائیں۔

11.3.4 لنٹل کی سطح تک چنائی

سل بینڈ کے بعد چنائی لنٹل کے مقررہ لیول تک لے جائیں۔




7 فٹ اسی پلنتھ لیول سے کل اونچائی ہے؛ سل کے اوپر مزید ۷ فٹ نہیں۔

1. لیول: اس مثال میں لنٹل کا لیول پلنتھ کے اوپر سے ۷ فٹ ہے۔ دونوں لیول ایک ہی نشان سے ناپیں۔
2. کھلے حصے: کھڑکی سل سے شروع ہو اور دروازہ نیچے سے کھلا رہے؛ چوڑائی اور جگہ نقشے سے ملائیں۔
3. چنائی: بندش، بھرے جوڑ، سیدھ اور شاقول چیک کریں۔ کالم کے دانت دار کنارے برقرار رکھیں۔
4. حفاظت: مناسب پلیٹ فارم اور عارضی سہارے رکھیں۔ لنٹل بننے سے پہلے کھلے حصے کے اوپر اینٹ نہ چنیں۔

کام روکیں لیول مختلف ہوں، کھلا حصہ نقشے سے بڑا ہو یا بغیر سہارے چنائی کی جا رہی ہو۔

11.3.5 مسلسل لنٹل بینڈ

لنٹل بینڈ دروازوں، کھڑکیوں اور باقی دیواروں پر جاری ہو۔



دونوں بینڈ دیواروں پر موجود ہیں؛ کالم کی جگہ کنکریٹ ابھی نہیں بھرا۔


1. دیواروں پر بینڈ: لنٹل بینڈ تمام متعلقہ دیواروں پر ہو؛ کنکریٹ کالم کی خالی جگہ کے دونوں کناروں پر روکیں۔
2. کھلے حصے: لنٹل کا سائز، سریا اور سہارا نقشے سے لیں؛ ہر چوڑائی پر ایک سا پتلا بینڈ کافی نہیں۔
3. جوڑ: کالم کی جگہ بینڈ کا سریا نقشے کے مطابق جڑا رہے۔ اینکر، کونوں کی بندش، لیپ اور کور چیک کرائیں۔
4. ڈالائی: مضبوط شٹرنگ اور سہاروں کے ساتھ کنکریٹ ڈالیں، کمپیکٹ کریں اور مقررہ کیورنگ کریں۔
5. یاد رکھیں: اوپر چنائی اور نیچے کے سہارے ہٹانے کی اجازت کنکریٹ کی مضبوطی دیکھ کر نگران دے۔

کام روکیں لنٹل بینڈ کٹ جائے، شٹرنگ جھکے یا کالم اور بینڈ کا منظور شدہ جوڑ موجود نہ ہو۔

11.4 چھت کی سطح اور ٹائی کالم

11.4.1 چھت کی سطح تک چنائی

لنٹل بینڈ کے بعد چنائی روف بینڈ کی نچلی سطح تک کریں۔




کالم کی جگہ دونوں بینڈوں کا کنکریٹ رکا ہے؛ جوڑ کالم کی ڈالائی میں بھریں گے۔

1. اونچائی: روف بینڈ کی نچلی سطح نشان لگائیں۔ اوپر کی اینٹیں ایک لیول پر رکھیں؛ اندازہ نہ لگائیں۔
2. دانت دار کنارہ: کالم کی طرف اینٹ آگے پیچھے چھوڑیں۔
3. خالی جگہ: دونوں بینڈوں کا کنکریٹ کالم کی جگہ نہ پھیلے۔ تہہ، دانت اور جوڑ صاف کر کے ڈالائی کے لیے کھلے رکھیں۔
4. جانچ: دیوار کی سیدھ، دونوں مسلسل بینڈ، کھلے حصے اور عارضی سہارے کالم کی ڈالائی سے پہلے دکھائیں۔

کام روکیں دیوار غیر مستحکم ہو، دانت ٹوٹے ہوں یا کالم کی جگہ صاف اور قابلِ رسائی نہ ہو۔

11.4.2 ٹائی کالم کا کنکریٹ

مکمل چنائی کے ساتھ ٹائی کالم کا کنکریٹ ڈالیں۔



کھلا حصہ صرف اندرونی جوڑ دکھاتا ہے؛ اصل شٹرنگ مکمل بند ہو۔


1. سریا: قطر، تعداد، بند کڑیاں، اندر مڑے ہک، لیپ، اینکر اور کور بلاکس نقشے سے چیک کرائیں۔
2. جوڑ: دانت صاف ہوں۔ بینڈوں کے جوڑ سمیت کالم کی پوری خالی جگہ بھریں؛ ڈالائی کے جوڑ منظور شدہ ہوں۔
3. شٹرنگ: سیدھی، مضبوط اور بند جوڑوں والی ہو۔ نیچے صفائی اور کنکریٹ پہنچنے کا انتظام رکھیں۔
4. ڈالائی: مناسب تہوں میں کنکریٹ ڈال کر کمپیکٹ کریں۔ بھرائی کے حصے اور وقفے انجینئر طے کرے۔
5. یاد رکھیں: کالم میں کنکریٹ دیوار سے اوپر نہ لے جائیں؛ روف بینڈ کے لیے ضروری اینکر محفوظ رکھیں۔

کام روکیں شٹرنگ پھولے، دیوار ہلے، رساؤ ہو یا کنکریٹ اندر اچھی طرح نہ پہنچ رہا ہو۔

11.5 روف بینڈ، چھت اور تکمیلی جانچ

11.5.1 روف بینڈ اور چھت کی تیاری

کالم کے بعد روف بینڈ اور سلیب کی مشترکہ تیاری کریں۔



سریے کا مثالی منظر؛ قطر، فاصلہ، اوپری سریا اور اینکر نقشے سے لیں۔

1. شٹرنگ: چھت کا لیول، بند جوڑ، مضبوط سہارے اور ترچھے بند ٹھن چیک کریں؛ سہارا کمزور زمین پر نہ ہو۔
2. روف بینڈ: متعلقہ تمام دیواروں پر مسلسل رکھیں۔ کونوں اور کالم کے سریے سے جوڑ نقشے کے مطابق ہو۔
3. سلیب کا سریا: سمت، فاصلہ اور اضافی اوپری سریا چیک کریں۔ کور بلاکس اور چیئرز سے جگہ قائم رکھیں۔
4. منظوری: پائپ، سوراخ، اینکر، بینڈ اور چھت کا جوڑ نگران کو دکھائیں؛ محفوظ راستہ اور کناروں کا بچاؤ رکھیں۔

کام روکیں سہارا دھنسے، سریا اپنی جگہ نہ رہے یا چھت کے جوڑ کی تفصیل دستیاب نہ ہو۔

11.5.2 روف بینڈ اور سلیب کی یکجا ڈھلائی

کالم کے بعد روف بینڈ اور سلیب کی مشترکہ تیاری کریں۔



روف بینڈ اور آر سی سی چھت کی سلیب ایک ساتھ ڈالیں۔

1. آغاز: کالم کا کام اور ضروری جانچ مکمل ہوں۔ کنکریٹ، عملہ، آلات اور ڈالائی کا منصوبہ پہلے تیار رکھیں۔
2. ایک ساتھ: روف بینڈ اور سلیب کو منظور شدہ مسلسل ڈالائی میں جوڑیں؛ اپنی مرضی سے درمیان میں جوڑ نہ چھوڑیں۔
3. کنکریٹ: بینڈ، کونوں اور سریے کے گرد پوری طرح پہنچائیں۔ کمپیکٹ کریں اور مطلوبہ موٹائی و لیول رکھیں۔
4. نگرانی: شٹرنگ اور سہارے دیکھتے رہیں۔ اپنی مرضی سے پانی نہ ملائیں؛ مقررہ ٹیسٹ اور ریکارڈ مکمل کریں۔

کام روکیں شٹرنگ یا سہارا ہلے؛ ڈالائی رک جائے تو دوبارہ شروع کرنے کا جوڑ انجینئر سے طے کرائیں۔

11.5.3 کیورنگ اور آخری جانچ

کنکریٹ کی دیکھ بھال اور ہر مرحلے کا ریکارڈ ضروری ہے۔



چھت نم رکھیں؛ سہارے ہٹانے اور بوجھ رکھنے سے پہلے اجازت لیں۔

1. کیورنگ: سطح خراب کیے بغیر وقت پر شروع کریں۔ مقررہ مدت تک نمی رکھیں اور موسم سے حفاظت کریں۔
2. سہارے: صرف دن گن کر نہ ہٹائیں؛ کنکریٹ کی مطلوبہ مضبوطی اور نگران کی تحریری اجازت ضروری ہے۔
3. جانچ: سل اور لنٹل بینڈ کا تسلسل، کالم کے جوڑ اور چھت کی جانچ کا ریکارڈ دیکھیں؛ خرابی نہ چھپائیں۔
4. ریکارڈ: ڈالائی، کیورنگ، ٹیسٹ اور پوشیدہ سریے کی تصویریں محفوظ رکھیں۔ نئی چھت پر مواد کے ڈھیر نہ لگائیں۔

کام روکیں نئی دراڑ، کھلا سریا یا بجری کی جھریاں نظر آئیں؛ مرمت سے پہلے انجینئر کو دکھائیں۔

12 آر سی سی فریم کی مرحلہ وار تعمیر

12.1 فریم پہلے اور بھرائی کی دیواریں بعد میں

ہر اگلے مرحلے سے پہلے پچھلے کام کی جانچ کرائیں۔



فریم کی ترتیب: بنیاد، پلنتھ، کالم، بیم اور سلیب، پھر بھرائی کی دیواریں۔


1. پہلے بنیاد کا نشان، کھدائی، بلائنڈنگ، سریا اور کالم کے اسٹارٹر لگائیں؛ جانچ کے بعد کنکریٹ ڈالیں۔
2. پھر نقشے کے مطابق نچلے کالم، پلنتھ بیم، بھرائی اور فرش کی تیاری کریں؛ اوپر کے کالم الگ مرحلہ ہیں۔
3. کالم کے بعد بیم اور سلیب کی شٹرنگ، سریا اور ڈالائی کریں۔ اگلی منزل پر یہی منظور شدہ ترتیب دہرائیں۔
4. نقشے میں بار کا قطر، تعداد، فاصلہ، اوورلیپ، ہک، کور اور کنکریٹ گریڈ تلاش کریں؛ نامکمل بات پوچھیں۔

کام روکیں چنائی کے دو سریوں والے بینڈ کو RCC بیم کے متبادل کے طور پر لگایا جا رہا ہو۔

12.2 بنیاد، ابتدائی سریا اور پلنتھ بیم

12.2.1 بنیاد کی کھدائی اور تیاری

بنیاد مضبوط اور منظور شدہ زمین پر رکھی جاتی ہے۔



گرڈ لائن، بلائنڈنگ اور بوجھ اٹھانے والی زمین کا سمجھانے والا کٹ منظر۔

1. نقشے سے کالم کی مرکزی لائن، بنیاد کی جگہ اور لیول لگائیں۔ دونوں سمتوں اور ترچھی پیمائش کی جانچ کریں۔
2. گہرائی اور چوڑائی مٹی کی رپورٹ اور نقشے سے لیں۔ نرم جگہ، بھرت یا زیر زمین پانی انجینئر کو دکھائیں۔
3. کھدائی کی دیواروں کے لیے محفوظ ڈھلوان یا سہارا دیں۔ مٹی کا ڈھیر کنارے سے محفوظ فاصلے پر رکھیں۔
4. ڈھیلی مٹی اور پانی نکالیں؛ منظور شدہ سطح پر بلائنڈنگ دیں۔ سریا براہ راست کیچڑ یا زمین پر نہ رکھیں۔

کام روکیں کھدائی بیٹھ رہی ہو، پانی آ رہا ہو، یا بنیاد کے نیچے نرم مٹی ملے۔

12.2.2 فوٹنگ کی جالی اور کنکریٹ کور

سریے کی جالی کو نقشے کے مطابق مضبوطی سے اپنی جگہ رکھیں۔




جالی، کور بلاک اور کالم کے اسٹارٹر

1. فوٹنگ کی دونوں سمتوں کا سریا، قطر اور فاصلہ نقشے سے ملائیں۔ اوپری جالی جہاں دی گئی ہو وہاں بھی لگائیں۔
2. نچلی جالی مناسب کور بلاک پر رکھیں۔ کناروں کا کور بھی قائم رکھیں؛ اینٹ، لکڑی یا ڈھیلا پتھر نہ لگائیں۔
3. کالم کے اسٹارٹر کی جگہ، سیدھ اور بنیاد میں اینکر تیج چیک کریں۔ بندھے سریے کو ہلنے یا گرنے سے محفوظ رکھیں۔
4. تمام فارم بند اور مضبوط ہوں۔ جانچ کی منظوری کے بعد ڈالائی، کمپیکشن اور کیورنگ کریں؛ اسٹارٹر نہ ہلیں۔

کام روکیں جالی زمین کو چھوئے، اسٹارٹر غلط جگہ ہو، یا کور بلاک ٹوٹ جائیں۔

12.2.3 ابتدائی سریے کی اینکریج

کالم کا سریا بنیاد کے اندر مطلوبہ پکڑ حاصل کرے۔




سنہری بار کا موڑ صرف اینکریج سمجھاتا ہے؛ اصل شکل اور لمبائی نقشے سے لیں۔

1. اسٹارٹر وہ سریا ہے جو بنیاد سے کالم میں اوپر آتا ہے۔ اس کا سرا بنیاد میں مقررہ لمبائی تک اندر ہونا چاہیے۔
2. نقشے میں ہک ہو تو درست سانچے پر موڑیں۔ سریے کا معمولی موڑ مکمل اینکریج کا متبادل نہیں ہے۔
3. موڑ کا اندرونی قطر، کور اور جالی سے جگہ چیک کریں۔ ہک کنکریٹ کے اندر رہے، زمین میں نہیں۔
4. اوپر نکلنے والی بار کی لمبائی اگلے جوڑ کے لیے کافی رکھیں۔ نقشے کے بغیر بنیاد کے بالکل اوپر اوورلیپ نہ بنائیں۔

کام روکیں بار چھوٹی ہو، گرم کر کے موڑی گئی ہو، یا موڑ پر دراڑ دکھائی دے۔

12.2.4 پلنتھ بیم کا کام

پلنتھ بیم اور کالم کا جوڑ نقشے کے مطابق بنائیں۔



پلنتھ بیم کا کھلا کٹ منظر؛ مکمل شٹرنگ اور سہارے ڈالائی سے پہلے لگتے ہیں۔


1. پلنتھ بیم کا لیول، چوڑائی اور گہرائی چیک کریں۔ یہ کالموں کو جوڑ سکتی ہے اور ڈیزائن کے مطابق دیوار بھی اٹھاتی ہے۔
2. اوپری اور نچلے سریے، کڑیاں اور کالم کے اندر جوڑ مکمل کریں۔
3. فارم کے نیچے مضبوط سہارا اور دونوں طرف کور دیں۔ کالم کے ساتھ ڈالائی کے جوڑ کی جگہ انجینئر سے لیں۔
4. فوٹنگ اور نچلے کالم کی مطلوبہ مضبوطی کے بعد مرحلہ مکمل کریں۔ اندرونی بھرائی تہوں میں دبا کر کریں۔

کام روکیں بیم کا سریا کالم تک نہ پہنچے، یا شٹرنگ کے نیچے غیر محفوظ خلا ہو۔

12.3 کالم کا سریا، کڑیاں اور شٹرنگ

12.3.1 کالم کے سریے کا پنجرہ اور کڑیاں

شٹرنگ کے اندر سریا اور کڑیاں اپنی جگہ درست رکھیں۔




کالم کی باریں، بند کڑیاں اور سائیڈ کور بلاک؛ کٹ منظر صرف اندر کا کام دکھاتا ہے۔

1. عمودی سریے کی تعداد، قطر اور گریڈ ملائیں۔ کونے اور درمیانی باریں نقشے کے مطابق اپنی جگہ باندھیں۔
2. کڑی اور کراس ٹائی ہر مطلوبہ بار کو سہارا دیں۔ صرف باہر ایک بڑا حلقہ لگا کر اندر کی باریں آزاد نہ چھوڑیں۔
3. سروں، جوڑ اور اوورلیپ کے پاس کڑیوں کا فاصلہ الگ ہو سکتا ہے۔ پورے کالم میں اپنی مرضی سے ایک فاصلہ نہ رکھیں۔
4. سریا دونوں سمتوں میں سیدھا رکھیں اور عارضی سہارا دیں۔ تار کے سرے اندر کریں اور کور بلاک باندھیں۔

کام روکیں کڑی غائب ہو، سریا جھکا ہو، یا شٹرنگ کے ساتھ لگ رہا ہو۔

12.3.2 بند کڑیاں اور ہُک کی درست ساخت

بند کڑی کا مطلب ۳۶۰ درجے کا ہک نہیں ہے۔




کڑی کا اندر مڑا ۱۳۵° ہک؛ مین بار کے ۹۰° اور ۱۸۰° اینکر تیج ہک الگ ہیں۔

1. زلزلہ مزاحم اسپیشل فریم کی بند کڑی میں عموماً ۱۳۵° ہک اندر کی طرف جاتا ہے اور طولی بار کو پکڑتا ہے۔
2. ایسے سیسمک ہک کی سیدھی دم کم از کم کڑی کے قطر کے ۶ گنا اور ۷۵ ملی میٹر میں سے بڑی مقدار ہوتی ہے۔
3. دم کی لمبائی موڑ ختم ہونے کے بعد ناپیں۔ موڑ کا اندرونی قطر اور کڑی کی پوری شکل منظور شدہ شیڈول سے لیں۔
4. مین بار کے ۹۰° یا ۱۸۰° ہک کو کڑی کا متبادل نہ سمجھیں۔ کراس ٹائی اور گول اسپائرل کی الگ تفصیل ہوتی ہے۔

کام روکیں لگا دیا گیا ہو۔ U ہک باہر کھلتا ہو، دم کم ہو، یا بند کڑی کی جگہ کھلا

12.3.3 کالم میں سریے کا اوور لیپ

اوور لیپ کی جگہ اور لمبائی دونوں چیک کرنا ضروری ہے۔




اسپیشل فریم: مکمل لیپ منظور شدہ درمیانی حصے میں رکھیں۔

1. اوور لیپ میں دو باریں کچھ لمبائی تک ساتھ چلتی ہیں۔ صرف سروں کو آپس میں لگا کر تار باندھنا اوور لیپ نہیں۔
2. اسپیشل فریم میں پورا لیپ صاف اونچائی کے درمیانی نصف میں رکھیں۔ ممنوع حصے بھی نقشے سے ملائیں۔
3. مکمل لیپ کی لمبائی اور کڑیاں نقشے سے ملائیں۔ جوڑوں کو مختلف لیول پر صرف منظور شدہ ترتیب سے پھیلائیں۔
4. جگہ کم ہو تو انجینئر سے کوپلر یا دوسری منظور شدہ تفصیل لیں۔ بار کاٹ کر چھوٹا جوڑ نہ بنائیں۔

کام روکیں جوڑ بیم کے اندر ہو، لیپ کم ہو، یا کوپلر بغیر منظوری لگایا گیا ہو۔

12.3.4 کالم کی شٹرنگ

مضبوط شٹرنگ کالم کو سیدھا اور درست سائز میں رکھتی ہے۔



کلیمپ، دو ستموں کے بریس، صفائی کا راستہ اور سائیڈ کور واضح ہیں۔

1. کالم کی مرکزی لائن، سائز اور دونوں ستموں کی سیدھ چیک کریں۔ نیچے بیس مضبوط ہو اور جوڑ بند ہوں۔
2. فارم پلیٹ، اسٹڈ، کلیمپ اور والرز منظور شدہ ترتیب سے لگائیں۔ صرف تار یا چند کیلوں پر دباؤ نہ چھوڑیں۔
3. دو ستموں میں مضبوط بریس دیں؛ نیچے اینکر اور بیس پلیٹ جما کر لگائیں۔ ڈالائی سے پہلے دوبارہ سیدھ دیکھیں۔
4. نیچے سے کچرا صاف کریں اور صفائی کا سوراخ بند کریں۔ ریلیز آئل سریے یا پرانے کنکریٹ کے جوڑ پر نہ لگے۔

کام روکیں کلیمپ ڈھیلا، سہارا کمزور، پلیٹ پھولی یا جوڑ سے گارا بہت نظر آئے۔

12.3.5 کالم میں کنکریٹ ڈالنا

سریا اور شٹرنگ چیک کر کے کنکریٹ ڈالیں۔



محفوظ پلیٹ فارم سے کنکریٹ کی قابو شدہ ڈالائی اور وائبریٹر سے کمپیکشن۔


1. پرانے کنکریٹ کے جوڑ کو منظور شدہ طریقے سے تیار اور صاف کریں۔ کھڑا پانی، مٹی اور ڈھیلا مواد نہ رہے۔
2. کنکریٹ مطلوبہ گریڈ اور ورک ایبلٹی کا ہو۔ مناسب تہوں میں قریب سے ڈالیں تاکہ پتھر اور گارا الگ نہ ہوں۔
3. وائبریٹر سیدھا داخل کر کے باقاعدہ جگہوں پر چلائیں۔ اسے کنکریٹ کو دور دھکیلنے یا سریا ہلانے کے لیے نہ لیں۔
4. کالم کی ڈالائی طے شدہ لیول پر ختم کریں۔ بیم اور سلیب کے اگلے جوڑ کے لیے سطح اور سریا محفوظ رکھیں۔

کام روکیں فارم سرکے، سریا ہلے، کنکریٹ الگ ہو، یا ڈالائی میں غیر منظور شدہ وقفہ آئے۔

12.4 بیم کا سریا، جوڑ اور شٹرنگ

12.4.1 بیم کا سریا اور کڑیاں

اوپر اور نیچے کی باریں اپنی مقررہ تہوں میں رکھیں۔




بیم کی اوپری باریں، نچلی باریں اور بند کڑیاں؛ تعداد اور فاصلہ تصویری مثال ہیں۔

1. بیم نمبر، سائز، اوپری اور نچلی باریں نقشے سے ملائیں۔ اضافی بار کی ابتدا اور اختتام بھی نشان لگائیں۔
2. کڑیاں باروں کو گھیرتی ہیں۔ کالم کے قریب اور لیپ کے مقام پر جہاں گھنی کڑیاں دی ہوں انہیں مکمل لگائیں۔
3. باروں کی تہوں کے درمیان کنکریٹ گزرنے کی جگہ رہے۔ کور بلاک اور بار سپورٹ سے سریا اپنی جگہ قائم رکھیں۔
4. کسی بار کو سہولت کے لیے کم، دوسری تہہ میں منتقل یا جلد ختم نہ کریں۔ بیم کے جوڑ کے لیے اگلے دو صفحات دیکھیں۔

کام روکیں اوپری بار نیچے آجائے، کڑی کھلی ہو، یا جوڑ میں کنکریٹ کی جگہ بند ہو۔

12.4.2 بیم اور کالم کے اندرونی جوڑ میں سریے کی ترتیب

اندرونی جوڑ میں باروں کی تہیں پہلے طے کریں۔




دو سمتوں کی بیمیں؛ باروں کی الگ تہیں اور جوڑ کے اندر کالم کی کڑیاں۔

1. مسلسل بیم کی بار کالم کے اندر مقررہ راستے سے دوسری طرف جائے۔ اسے صرف کالم کے سامنے تک نہ لائیں۔
2. دونوں سمتوں کی بیموں کی اوپری اور نچلی تہوں کے لیول ملائیں۔ باریں آپس میں ٹکرائیں تو انجینئر سے حل لیں۔
3. جوڑ کے اندر کالم کی مطلوبہ کڑیاں اور کراس ٹائیاں برقرار رہیں۔ بیم گزارنے کے لیے کڑی کاٹ کر نہ نکالیں۔
4. جوڑ میں کور، باروں کا صاف فاصلہ اور کنکریٹ بھرنے کا راستہ چیک کریں۔ بند کرنے سے پہلے تصویر اور منظوری لیں۔

کام روکیں سریا زبردستی موڑا جائے، کالم کی بار کاٹی جائے، یا جوڑ میں کڑیاں غائب ہوں۔

12.4.3 بیم کے ہک اور اینکر تیج

بیرونی کالم پر بیم کی بار کو پوری پکڑ ملنی چاہیے۔




بیرونی جوڑ کی مثال؛ بیم کے ہک کالم کے اندر، کڑیاں جوڑ میں بھی مسلسل ہیں۔

1. آخری کالم پر بار کی اینکر تیج نقشے سے دیکھیں۔ صرف کالم کے قریب چھوٹا موڑ بنا دینا کافی نہیں۔
2. ہک دیا ہو تو بار کو مطلوبہ فاصلے تک لے جا کر اندر موڑیں۔ ہک اور کنکریٹ کے کور کے اندر رہیں۔
3. اوپر اور نیچے کی باروں کے ہک باہم نہ ٹکرائیں۔ جوڑ کی کڑیاں، مطلوبہ دم اور کنکریٹ کی جگہ قائم رکھیں۔
4. چھت پر ختم ہونے والے کالم کی بار کی بھی الگ اینکر تیج ہے۔ اسے سلیب کے برابر کاٹ کر ختم نہ کریں۔

کام روکیں ہک باہر نکلے، دم کم ہو، یا باروں کی بھیڑ سے کنکریٹ بھرنا ممکن نہ رہے۔

12.4.4 بیم میں سریے کا اوورلیپ

جوڑ کی جگہ اور پوری لمبائی شیڈول سے نشان لگائیں۔




سرخ حصوں میں لیپ نہیں؛ سبز جگہ بھی نقشے سے منظور ہو۔

1. بیم کا لیپ اوپری یا نچلی بار کے لیے الگ ہو سکتا ہے۔ بار نمبر کے مطابق جگہ اور لمبائی چیک کریں۔
2. اسپیشل فریم میں جوڑ اور کالم کے قریب ممنوع حصوں میں لیپ نہ دیں؛ یہ حدود ڈرائنگ پر واضح کرائیں۔
3. لیپ کی پوری لمبائی پر مطلوبہ کڑیاں لگائیں۔ تمام باروں کے جوڑ ایک جگہ صرف تب ہوں جب نقشہ اجازت دے۔
4. تار باروں کو جگہ پر رکھتا ہے، مکمل ساختی جوڑ نہیں بناتا۔ غیر منظور شدہ ویلڈ یا کوپلر نہ لگائیں۔

کام روکیں لیپ مختصر ہو، جگہ بدل دی گئی ہو، یا جوڑ پر کڑیاں کم ہوں۔

12.4.5 بیم کی شٹرنگ اور سہارے

بیم کا وزن محفوظ سہاروں کے ذریعے زمین تک پہنچے۔



بیم کا نچلا تختہ، سائیڈ فارم، ہیڈ، پروپ، بریسنگ اور مضبوط سول پلیٹ۔


1. بیم کی نچلی سطح، چوڑائی، گہرائی اور لیول نقشے سے ملائیں۔ کیمبر صرف وہ دیں جو ڈیزائن میں لکھا ہو۔
2. نچلے تختے کے نیچے موزوں بیئرر، ہیڈ اور پروپ لگائیں۔ سائیڈ فارم تازہ کنکریٹ کے دباؤ کے لیے مضبوط ہو۔
3. پروپ مضبوط سول پلیٹ پر سیدھا کھڑا ہو۔ ڈھیلی اینٹوں کی تہہ، ٹیڑھا جیک یا ٹوٹا ہوا سہارا استعمال نہ کریں۔
4. سہاروں کو دونوں سمتوں میں بریسنگ دیں۔ نیچے کی سلیب یا زمین کی برداشت اور ضرورت کی ری شورنگ چیک کرائیں۔

کام روکیں پروپ بیٹھے یا جھکے، سول پلیٹ ہلے، یا سہارا غیر مرکزی بوجھ اٹھا رہا ہو۔

12.5 سلیب کی شٹرنگ اور سریا

12.5.1 چھت کی شٹرنگ

بیم اور سلیب کے فارم ایک مضبوط نظام بنائیں۔




پلائی شیٹ کے نیچے جوئسٹ، بیئرر، بریس والے پروپ اور کنارے کی حفاظت۔

1. چھت کا لیول، موٹائی، کنارے اور سوراخ نشان لگائیں۔ پلائی شیٹ مکمل سہارا لے اور جوڑ گارانہ چھوڑیں۔
2. جوئسٹ اور بیئرر اپنی مقررہ جگہ پر ہوں۔ تمام پروپ کے ہیڈ اور بیس پوری طرح بیٹھے ہوں؛ کھلے خلانہ رہیں۔
3. سیڑھی، پائپ اور سروس کے سوراخ پہلے طے کریں۔ چھت کے کناروں اور کھلے سوراخوں پر حفاظتی بندوبست کریں۔
4. ڈالائی سے پہلے اور دوران فارم کی جانچ جاری رکھیں۔ اوپر کنکریٹ یا سریے کا بھاری ڈھیر ایک جگہ نہ بنائیں۔

کام روکیں سطح جھکے، تختہ ٹوٹے، بریسنگ غائب ہو، یا نیچے کے سہارے سرکیں۔

12.5.2 سلیب کا سریا اور چیئر

اوپر اور نیچے کا سریا مقررہ لیول پر قائم رکھیں۔




اسٹینڈی چیئر اور مسلسل ہائی چیئر؛ سائز نقشے سے لیں۔

1. سلیب کی سمتیں اور بار نمبر نقشے سے پڑھیں۔ ایک طرفہ اور دو طرفہ سلیب کی باروں کی ترتیب ایک جیسی نہیں ہوتی۔
2. نچلی باریں کور بلاک پر رکھیں۔ بیم کے اوپر اور جہاں مطلوب ہو اوپری باریں مضبوط چیئر پر باندھیں۔
3. چیئر کی شکل، اونچائی، قطر اور فاصلہ نقشے سے لیں اور نیچے کا کور قائم رکھیں۔
4. کنارے، کینٹی لیور اور سوراخ کے اضافی سریے مکمل کریں۔ پائپ گزارنے کے لیے سلیب کی بار کاٹنا منع ہے۔

کام روکیں اوپر کا سریا بیٹھ جائے، بار کی سمت غلط ہو، یا چیئر کمزور پڑ جائے۔

12.5.3 سلیب کے موڑ اور اینکر تیج

بار کو صرف اسی جگہ موڑیں جہاں نقشے میں دیا ہو۔




سپورٹ کے اوپر بار کی پکڑ؛ کرینک بار ہر سلیب میں لازمی نہیں ہوتا۔

1. سلیب کی بار بیم یا دوسرے سپورٹ کے اندر مطلوبہ لمبائی تک لے جائیں۔ صرف بیم کے چہرے پر ختم نہ کریں۔
2. اوپری سپورٹ بار کا پھیلاؤ اور اینکر تیج چیک کریں۔ آخری کنارے کا ہک یا سیدھی اینکر تیج نقشے کے مطابق ہو۔
3. کرینک یا بینٹ اپ بار صرف ڈرائنگ میں ہو تو بنائیں۔ موڑ کی جگہ، زاویہ اور اندرونی قطر خود نہ بدلیں۔
4. بار کو پہلے درست سانچے پر موڑیں۔ ڈالی ہوئی بار کو اجازت کے بغیر دوبارہ موڑنا، گرم کرنا یا سیدھا کرنا منع ہے۔

کام روکیں کنارے پر پکڑ کم ہو، موڑ شٹرنگ سے لگے، یا ڈرائنگ میں اینکر تیج نہ دی گئی ہو۔

12.5.4 سلیب میں سریے کا اوورلیپ

اوپر اور نیچے کی جالی کے جوڑ الگ چیک کریں۔




باریں ساتھ چلا کر لیپ دیں؛ جوڑوں کی جگہ نقشے سے لیں۔

1. سلیب کا لیپ زون اور لمبائی بار کی سمت اور تہہ کے مطابق پڑھیں۔ سب باریں ایک لکیر پر ختم نہ کریں۔
2. اوپر کی بار کا جوڑ اور نیچے کی بار کا جوڑ الگ مقرر ہو سکتا ہے۔ بیم کے اوپر خود سے لیپ نہ رکھیں۔
3. جوڑ کے دونوں سروں پر ناپ لگا کر مکمل لمبائی ملائیں۔ تار باندھیں اور مطلوبہ فاصلہ، کور اور چیئر قائم رکھیں۔
4. لیپ کی جگہ باریں زیادہ ہوں تو انجینئر سے ترتیب منظور کرائیں۔ پائپ یا سوراخ کی خاطر لیپ مختصر نہ کریں۔

کام روکیں سریا کم پڑے، جوڑ کی تہہ غلط ہو، یا تمام لیپ غیر منظور شدہ ایک جگہ ہوں۔

12.5.5 کنکریٹ کے صاف کور کی پیمائش

کور کنکریٹ کی سطح سے سب سے باہر والے سریے کی بیرونی سطح تک ناپیں۔



بیم اور کالم میں کور کڑی کے باہر تک؛ سلیب میں قریب ترین بار کے باہر تک ناپیں۔

1. کور بار کے درمیان یا مرکز تک نہیں ناپتے۔ شٹرنگ کی اندرونی سطح سے قریب ترین اسٹیل کے باہر تک صاف فاصلہ لیں۔
2. بیم اور کالم میں عموماً گڑی سب سے باہر ہوتی ہے۔ فوٹنگ اور سلیب میں اوپر، نیچے اور کنارے الگ چیک کریں۔
3. مٹی کے خلاف ڈلنے، موسم، نمک اور آگ کی ضرورت سے کور بدلتا ہے۔ ہر ممبر کا مقررہ کور نقشے سے لکھ کر لیں۔
4. درست موٹائی کے منظور شدہ کور بلاک اور سپورٹ لگائیں۔ ٹوٹے بلاک، اینٹ اور لکڑی سے کور پورا نہ کریں۔

کام روکیں نقشے میں کور نہ ہو، بار فارم کو چھوئے، یا بلاک کی موٹائی مطلوبہ کور سے کم ہو۔

12.6 ڈھلائی کی منظوری، کنکریٹ اور کیورنگ

12.6.1 ڈھلائی سے پہلے جانچ اور منظوری

جو چیز کنکریٹ میں چھپ جائے گی اسے پہلے چیک کریں۔



نگران نقشے اور چیک لسٹ سے سریا، کور، فارم اور سروس سوراخ چیک کرتا ہے۔

1. فارم کے سائز، لیول، صفائی، بند جوڑ، سول پلیٹ، پروپ اور بریسنگ دیکھیں؛ محفوظ راستہ بھی مکمل ہو۔
2. بار کا گریڈ، قطر، تعداد، فاصلہ، ہک، اینکر تیج، لیپ اور کڑیاں نقشے سے ملائیں؛ ہر ممبر کا کور ناپیں۔
3. پائپ، سلیو اور سوراخ اپنی جگہ ہوں۔ جوڑ میں کنکریٹ اور وائبریٹر پہنچنے کی جگہ ہو؛ سریا نہ کاٹا گیا ہو۔
4. نگران سے تحریری اجازت اور ریکارڈ لیں۔ کنکریٹ کا گریڈ، سپلائی، ٹیسٹ، وائبریٹر اور کیورنگ کا بندوبست تیار ہو۔

کام روکیں منظوری باقی ہو، ضروری ٹیسٹ کا انتظام نہ ہو، یا کوئی چھپی ہوئی خرابی ملے۔

12.6.2 کنکریٹ کی ڈھلائی اور کمپیکشن

بیم اور سلیب کو منظور شدہ ڈالائی ترتیب سے مکمل کریں۔



کنکریٹ قریب سے ڈالیں، باقاعدہ کمپیکشن کریں اور لیول قائم رکھیں۔

1. منظور شدہ مکس اور مطلوبہ ورک ایبلٹی کا کنکریٹ لیں۔ آسانی کے لیے اپنی طرف سے پانی شامل نہ کریں۔
2. مطلوبہ ٹیسٹ اور نمونے تربیت یافتہ عملہ لے۔ ہر نمونے پر تاریخ، ممبر اور ڈالائی کی شناخت درج ہو۔
3. بیم، جوڑ اور سلیب میں کنکریٹ اچھی طرح بھریں۔ وائبریٹر مناسب طریقے سے چلائیں؛ سریا اور چیئر نہ ہلیں۔
4. ڈالائی مسلسل منصوبے کے مطابق چلائیں۔ وقفہ ضروری ہو تو انجینئر سے کنسٹرکشن جوائنٹ کا مقام اور طریقہ لیں۔

کام روکیں غیر منظور شدہ پانی ملے، فارم ہلے، یا کنکریٹ کی سپلائی سے سرد جوڑ کا خطرہ ہو۔

12.6.3 کیورنگ اور شٹرنگ کھولنا

نمی، درجہ حرارت اور عارضی سہاروں کا خیال رکھیں۔



سلیب پر کیورنگ اور نیچے برقرار سہارے؛ کیورنگ اور شٹرنگ کھولنا الگ فیصلے ہیں۔

1. سطح محفوظ ہوتے ہی طے شدہ کیورنگ شروع کریں۔ نم کور، پانی یا منظور شدہ کمپاؤنڈ سے نمی برقرار رکھیں۔
2. مدت مکس، موسم اور منصوبے کی شرط سے لیں۔ بار بار خشک اور گیلا ہونے سے بچائیں؛ صرف ایک بار پانی کافی نہیں۔
3. بیم اور سلیب کے سہارے صرف مطلوبہ مضبوطی اور نگران کی اجازت پر کھولیں۔ صرف دن گننا کافی نہیں۔
4. ری شورنگ اور اوپر کی تعمیر کا بوجھ چیک کرائیں۔ ہنی کومب، دراڑ یا کھلا سریا انجینئر کو دکھائیں؛ خود سے نہ چھپائیں۔

کام روکیں نئی چھت پر بھاری ڈھیر لگے، پروپ جلد ہٹیں، یا سلیب میں غیر معمولی جھکاؤ آئے۔

12.7 بھرائی کی دیواریں اور آخری جانچ

12.7.1 فریم میں بھرائی کی دیواریں

دیوار فریم کے اندر اپنی منظور شدہ جگہ پر بنائیں۔



فریم کے بعد چنائی؛ ٹائی اور جوڑ کی تفصیل نقشے سے لیں۔

1. فریم کی مطلوبہ مضبوطی اور اجازت کے بعد دیواریں اٹھائیں۔ نیچے سلیب یا بیم دیوار کا بوجھ اٹھانے کے لیے ڈیزائن ہو۔
2. بلاک یا اینٹ، موٹائی، مسالہ اور کھڑکی دروازے کی جگہ ملائیں۔ دیوار اپنی مرضی سے دوسری جگہ نہ منتقل کریں۔
3. کالم اور اوپری بیم سے ٹائی، اینکر، سلپ جوائنٹ یا خلا جیسی تفصیل انجینئر سے لیں؛ ہر عمارت میں ایک جیسی نہیں۔
4. لنٹل اور چنائی کے بینڈ جہاں نقشے میں ہوں لگائیں۔ آدھی اونچائی کی دیوار کالم کا رویہ بدل سکتی ہے؛ منظوری لیں۔

کام روکیں کالم یا بیم کاٹی جائے، جوڑز بردستی بھرے جائیں، یا دیوار بغیر جانچ کے ہٹائی جائے۔

12.7.2 شٹرنگ اتارنا اور نئی سلیب پر بوجھ

شٹرنگ اتارنے کا فیصلہ صرف دن گن کر نہیں ہوتا۔ کنکریٹ کی حاصل شدہ طاقت اور آنے والا وزن اہم ہیں۔



جلدی فارم اتارنے یا غیر منظور شدہ بھاری وزن رکھنے کو کہا جائے

1. انجینئر کی اجازت اور مقررہ ترتیب سے فارم اتاریں۔ ضرورت کا دوبارہ سہارا قائم رکھیں۔
2. اوپر نئی منزل ڈالنے سے نیچے کی سلیبوں پر وزن جاتا ہے۔ سہاروں کی پوری ترتیب منظور کرائیں۔
3. نئی سلیب پر اینٹ، سیمنٹ یا سریے کا ڈھیر نہ لگائیں۔ جگہ اور وزن کی حد معلوم کریں۔
4. سہارا ہٹاتے وقت حصہ جھکے یا دراڑ بڑھے تو علاقہ خالی اور محفوظ کریں۔

کام روکیں موسم کے مطابق حفاظت تیار نہ ہو یا کنکریٹ کی قابل قبول حالت برقرار نہ رہے۔

12.7.3 دیوار، سریے اور کنکریٹ کی آخری جانچ

کام چھپانے سے پہلے فہرست مکمل، خرابی لکھیں اور دستخط لیں



یاد رکھیں: جگہ، خرابی اور موصول ہدایت لکھیں؛ ساختی خرابی خود سے درست نہ کریں۔

1. منظور شدہ ڈرائنگ، میٹریل، لائن، لیول اور حفاظتی انتظام چیک کریں۔
2. دیوار کے جوڑ، کونے، بند، ٹائی اور کیورنگ مکمل دیکھیں۔
3. سریے کا گریڈ، قطر، ہوپ، لیپ، کور اور کیج مضبوطی ناپیں۔
4. فارم، سلیو، ڈالائی، وائبریشن، نمونہ اور کیورنگ ریکارڈ کریں۔

کام روکیں خرابی کو مٹی، پلاسٹر یا کنکریٹ سے بغیر منظوری چھپایا جائے۔

12.7.4 اگلے مرحلے سے پہلے کام کی تصدیق

ہر کاریگر سے یہ چار باتیں عملی طور پر چیک کرائیں۔



نقشہ سامنے رکھ کر موقع پر جانچ؛ زبانی اندازے کے بجائے پیمائش اور ریکارڈ۔

1. بنیاد پر: ایک اسٹارٹر دکھائیں؛ اس کی جگہ، اینکر تیج، بار کا قطر اور کور نقشے سے ملا کر بتائیں۔
2. کالم پر: ایک بند کڑی اور ایک لیپ دکھائیں؛ ہک کا رخ، دم، لیپ کی جگہ اور لمبائی چیک کریں۔
3. بیم اور سلیب پر: باروں کی تہیں، کالم سے گزرنا، آخری اینکر تیج، چیئر اور صاف کور دکھائیں۔
4. ڈالائی پر: فارم اور پروپ کی جانچ، نمونوں کا ریکارڈ، کیور نگ اور شٹر نگ کھولنے کی اجازت دکھائیں۔

کام روکیں کسی ضروری سوال کا جواب صرف «ہم ہمیشہ ایسے کرتے ہیں» ہو۔

13 مرمت، مضبوطی میں اضافہ اور ریٹروفٹنگ

13.1 مرمت، مضبوطی میں اضافے اور ریٹروفٹنگ کا فرق

موجودہ عمارت کی حالت، ضرورت اور خطرے کے مطابق درست مداخلت



زلزلہ جاتی ریٹروفٹنگ

فولادی جالی اور سیمنٹ مارٹر

عمارت کی زلزلہ مزاحمت بہتر بنانا

مثال: دیوار پر فیرو سیمنٹ



مرمت

مقامی خرابی کی بحالی

خراب یا متاثرہ حصے بحال کرنا

مثال: خراب پلستر کی مرمت



مضبوطی میں اضافہ

جیکٹنگ کے لیے فولادی پنجرہ

بوجھ برداشت کرنے کی صلاحیت بڑھانا

مثال: کالم کی جیکٹنگ

13.2 مرمت سے پہلے عمارت کی جانچ

مرمت خرابی درست کرتی ہے۔ مضبوطی بڑھانے کا کام ریٹروفٹ کہلاتا ہے۔ دونوں سے پہلے وجہ اور عمارت کی حالت معلوم کریں۔



دراڑ کا ریکارڈ اور اصل سبب کی جانچ

1. انجینئر بنیاد، دیوار، چھت، جوڑ، جھکاؤ، نمی اور دراڑ دیکھے۔ غیر مستحکم حصہ پہلے محفوظ یا خالی کرائیں۔
2. دراڑ کی جگہ، شکل، چوڑائی اور تاریخ نشان کریں۔ بار بار ایک ہی زاویے سے تصویر لیں۔
3. مٹی بیٹھنے، رساؤ یا زنگ کا سبب دور کرنے کی ترتیب منظور کرائیں۔
4. ضروری عارضی سہارا اور مرحلہ وار کام طے کریں۔ ایک ساتھ پوری بوجھ اٹھانے والی دیوار نہ کھولیں۔

کام روکیں تازہ بڑی دراڑ، جھکی دیوار یا حرکت نظر آئے۔:

13.3 دراڑوں کی مرمت اور گراؤٹنگ

ہر دراڑ انجیکشن سے درست نہیں ہوتی۔ مواد، دباؤ، نوزل اور سطح کی تیاری انجینئر اور منتخب نظام سے طے ہوں۔



نوزل کا سلسلہ صرف منظور شدہ انجیکشن طریقے کے لیے

1. حرکت کرتی یا غیر مستحکم دیوار پر کام نہ شروع کریں۔ پہلے وجہ اور سہارا واضح ہوں۔
2. ڈھیلا حصہ اور گرد ہٹائیں۔ منظور شدہ نوزل اور سطح کی سیل لگائیں۔
3. جہاں مقرر ہو نیچے سے اوپر محدود دباؤ میں بھریں؛ رساؤ یا دیوار کی حرکت مسلسل دیکھیں۔
4. نوزل بند کرنا، سطح درست کرنا اور کیورنگ یا انتظار منتخب مواد کی ہدایت سے کریں۔

کام روکیں دباؤ بڑھے، دیوار ہلے، غیر متوقع رساؤ یا نئی دراڑ آئے۔

13.4 فیروسیمنٹ اوورلے

جالی دونوں رخ لگائیں، آر پار جوڑیں، پلاسٹر میں مکمل دبائیں



یاد رکھیں: جالی اور ثانی پلاسٹر سے پہلے نگران کو دکھائیں۔

1. دیوار میں منظور شدہ وقفے پر سوراخ اور آر پار ٹائیاں بنائیں۔
2. جستی جالی دونوں رخ سیدھی، کھنچی اور مناسب لیپ کے ساتھ لگائیں۔
3. سطح نم کر کے سیمنٹ ریت کا پہلا کوٹ جالی کے پیچھے تک بھریں۔
4. دوسرا کوٹ مکمل کریں اور کم از کم مطلوبہ مدت تک کیورنگ کریں۔

کام روکیں جالی ڈھیلی ہو، صرف ایک رخ لگے، ٹائیاں کم ہوں یا اندر خالی جگہ بچے۔

13.5 افقی بیلٹ اور عمودی اسپلنٹ

بیلٹ اور اسپلنٹ پرانی دیواروں کو باندھنے کے مخصوص طریقے ہیں۔ ان کا سائز اور اتصال ہر عمارت کے لیے الگ طے ہو سکتا ہے۔



افقی اور عمودی مضبوطی کا مکمل جڑا ہوا نظام

1. بیلٹ کی سطح اور مسلسل راستہ، کونے اور ٹی جوڑ نقشے سے نشان کریں۔
2. عمودی اسپلنٹ کا لنگر مضبوط بنیاد میں اور اتصال اوپر کے بند میں مکمل کریں۔
3. سریا، ٹائی، اینکر اور چھت کا کنکشن ڈھانپنے سے پہلے منظور کرائیں۔
4. کنکریٹ یا مسالہ مکمل کمپیکٹ اور کیور کریں۔ تصاویر، بیچ، ٹیسٹ اور اجازت کی فائل رکھیں۔

کام روکیں بیلٹ درمیان میں ختم، اسپلنٹ زمین پر ختم یا اتصال غیر واضح ہو۔

13.6 ریٹروفٹنگ کے معیار اور ریکارڈ کی فائل

ہر مرحلے کا ثبوت ایک فائل میں رکھیں



یاد رکھیں: فائل مکمل ہونے پر ہی ریٹروفٹ کا کام مکمل مانا جائے۔


